الخليفۃ المھدی

فی الاحادیث الصحیحہ

• تالیفِ لطیف •

المحدث النبیل و المجاہد الجلیل شیخ الاسلام سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

تقدیم، تعلیق، تحشیہ

مولانا حبیب الرحمن صاحب قاسمی استاذ دار العلوم دیوبند

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

حضوری باغ روڈ ملتان

☎ 514122

مقدمہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وخاتم النبیین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین ــــــــ اما بعد!

قیامت ایک امرِ غیبی ہے جس کا حقیقی علم بجز خدائے عالم الغیب کے کسی کو نہیں ہے قرآن مجید ناطق ہے "اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ" اللہ تعالیٰ ہی کو قیامت کا علم ہے۔ ایک دوسرے موقع پر ارشادِ الٰہی ہے "یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَۃِ اَیَّانَ مُرْسٰھَا. فِیْمَ اَنْتَ مِنْ ذِکْرٰھَا اِلٰی رَبِّکَ مُنْتَھٰھَا" آپ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں وہ کب آئے گی۔ آپ کو اس کے ذکر سے کیا کام اس کے علم کا منتہیٰ تو آپ کے رب کے پاس ہے۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سے بھی یہی ثابت ہے کہ قیامت کے وقوع کا علم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی نہیں تھا۔ حدیثِ جبرئیل میں ہے۔ فاخبرنی عن الساعۃ؟ قال ما المسئول عنھا باعلم من السائل "(مشکوٰۃ ص ۱۱) حضرت جبرئیل علیہ السلام نے چوتھا سوال کیا اچھا مجھے قیامت کے وقتِ وقوع کی خبر دیجیے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں اپنی لاعلمی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا۔ اسکے بارے میں مسئول (پوچھا جانے والا) سائل (پوچھنے والے) سے زیادہ نہیں جانتا مطلب یہ ہے کہ قیامت کے وقتِ وقوع کے نہ جاننے میں ہم دونوں برابر ہیں۔

البتہ اس کی کچھ علامتیں ہیں جنھیں بطور پیشین گوئی کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے۔ ان میں بعض علامتیں صغریٰ یعنی چھوٹی علامتیں کہلاتی ہیں جو معمول وعادت کے مطابق ظہور پذیر ہوتی رہیں گی۔ ان کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے۔ مثلاً حدیث جبریل ہی میں پانچویں سوال کے جواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت کی جن علامتوں کا ذکر کیا ہے وہ علامتِ صغریٰ ہی کے قبیل سے ہیں۔ حدیث پاک کے الفاظ یہ ہیں:

"قال فاخبرنی من اماراتھا اس کی کچھ علامتیں بتائیے قال ان تلد الامۃ ربتھا وان تری الحفاۃ العراۃ العالۃ رعاء الشاء یتطاولون فی البنیان"، لونڈیاں اپنی مالکہ کو جننے لگیں یعنی لڑکیاں اپنی ماؤں پر حکم چلانے لگیں، اور ننگے پیر، ننگے بدن تنگدست بکریوں کے چرواہوں کو تو دیکھے کہ عالی شان مکانات پر شیخی بگھاڑ رہے ہیں تو سمجھ لو کہ اب قیامت کا زمانہ قریب آگیا ہے۔

اسی طرح رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے درجِ ذیل فرمان میں جن علامتوں کا ذکر ہے ان کا تعلق بھی علامتِ

صغریٰ سے ہے۔ ان من اشراط الساعۃ ان یقل العلم ویکثر الجہل ویفشو الزنا ویشرب الخمر ویقل الرجال ویکثر النساء حتٰی یکون لخمسین امراۃ القیم الواحد "

(بخاری کتاب العلم ص۱۸ ج۱)

قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ علم کم ہو جائے گا۔ جہالت بڑھ جائے گی، حرام کاری عام ہوگی، شراب نوشی بہت ہوگی، مرد کم ہو جائیں گے، اور عورتوں کی اس حد تک کثرت ہوگی کہ پچاس عورتوں پر صرف فرد واحد نگراں ہوگا۔

ان مذکورہ علامتوں کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ان کے ظہور کے بعد قیامت بالکل قریب آجائے گی۔ بلکہ یہ مطلب ہے کہ قیامت سے پہلے ان کا وجود میں آنا ضروری ہے اسی لیے بہت سے واقعات وحوادث کے بارے میں آپؐ کا ارشاد ہے کہ قیامت اس وقت تک برپا نہیں ہوگی جب تک یہ واقعات ظہور پزیر نہ ہو جائیں۔ خود رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت بھی علامتِ قیامت میں شمار کی جاتی ہے۔ حالانکہ آپؐ کی بعثت کو چودہ سو سال ہو چکے ہیں اور خدا جانے ابھی کتنی مدت کے بعد قیامت قائم ہوگی۔

ان کے علاوہ بعض علامتیں وہ ہیں جنھیں علامتِ کبریٰ کہا جاتا ہے۔ یہ علامتیں بالعموم قیامت کے قریب تر زمانہ میں پے بہ پے ظاہر ہوں گی اور عادت ومعمول کے خلاف ہوں گی۔ ان علامتوں کا ذکر بھی بہت سی حدیثوں میں متفرق طور پر موجود ہے۔ اور حضرت حذیفہ بن اُسید الغفاریؓ کی ایک روایت میں اکٹھی دس علامتوں کا بیان ہے۔ حضرت حذیفہ بیان کرتے ہیں:

اطلع النبی صلی اللہ علیہ وسلم علینا ونحن نتذاکر فقال ما تذاکرون ؟
قالوا نذکر الساعۃ قال انہا لن تقوم حتی تروا قبلہا عشر اٰیات فذکر الدخان والدجّال، والدابۃ وطلوع الشمس من مغربہا ونزول عیسیٰ ابن مریم ویاجوج وماجوج وثلاثۃ خسوف خسف بالمشرق وخسف بالمغرب وخسف بجزیرۃ العرب واٰخر ذالک نار تخرج من الیمن تطرد الناس الی محشرھم (مسلم باب الفتن واشراط الساعۃ ص ۳۹۲ ج ۲)

حضرت حذیفہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بالاخانہ سے ہماری طرف نمودار ہوئے اور ہم آپس میں باتیں کر رہے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا۔ تم لوگ کس چیز کا تذکرہ کر رہے ہو۔ لوگوں نے عرض کیا قیامت کا۔ آپؐ نے فرمایا۔ قیامت برپا نہیں ہوگی تا وقتیکہ تم اس سے پہلے دس علامتیں نہ دیکھ لو۔ پھر آپؐ نے ان دسوں کو بیان کیا۔ جو یہ ہیں۔ (۱) دھواں (۲) دجال (۳) دابۃ الارض (۴) پچھم سے سورج کا نکلنا (۵) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا آسمان سے اترنا (۶) یاجوج ماجوج کا نکلنا (۷، ۸، ۹) زمین میں تین مقامات میں لوگوں کا دھنس جانا۔ ایک مشرق میں دوسرے

مغرب میں اور تیسرا عرب میں (۱۰) اور ان سب کے آخر میں آگ یمن سے نکلے گی جو لوگوں کو گھیر کر ان کے محشر میں پہنچا دیگی۔

قیامت کی علامتِ کبریٰ ہی میں سے مہدیٔ آخر الزماں کا ظہور ان کی خلافت اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ان کی اقتداء میں ایک نماز یعنی فجر کا پڑھنا وغیرہ بھی ہے۔ اوپر بحوالہ حدیث جن دس نشانیوں کا ذکر ہے ان سے پہلے حضرت امام مہدی کا ظہور ہوگا۔ چنانچہ امام السفارینی لکھتے ہیں:

ای من العلامات العظمیٰ وھی اولھا ان یظھر الامام المقتدیٰ الخاتم للائمۃ........محمد المھدی (لوائح الانوار البھیۃ ج۲ ص۶۲)

قیامت کی بڑی یعنی قریب تر اور اولین نشانیوں میں خاتم الائمہ محمد مہدی کا ظہور ہے۔

بخاری میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کو غزوۂ تبوک کے موقع پر قیامت کی چھ نشانیاں بتائیں جن میں بنی الاصفر یعنی عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان صلح ہو جانے کا بھی تذکرہ فرمایا اور یہ بھی فرمایا کہ عیسائی بدعہدی کر کے تمھارے مقابلے میں آئیں گے۔ اس وقت ان کے اسی جھنڈے ہوں گے اور ہر جھنڈے کے تحت بارہ ہزار سپاہی ہوں گے یعنی ان کی مجموعی تعداد نو لاکھ ہوگی۔

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب مسلمان ہر طرف سے گھر جائیں گے اور ان کی حکومت صرف مدینہ منورہ سے خیبر تک رہ جائے گی تو مسلمان مایوس ہو کر امام مہدی کی تلاش شروع کر دیں گے۔ وہ اس وقت مدینہ منورہ میں ہوں گے اور امامت کے بارِ گراں سے بچنے کی غرض سے مکہ مکرمہ چلے جائیں گے۔ مکہ کے لوگ انہیں پہچان لیں گے اور انکار کے باوجود ان سے بیعتِ خلافت کر لیں گے۔ خلافت کی خبر جب مشہور ہوگی تو ملکِ شام سے ایک لشکر آپ سے مقابلہ کے لیے نکلے گا، مگر ابھی منزل تک پہنچنے سے پہلے ہی مقام بیداء میں جو مکہ مدینہ کے درمیان ہے زمین میں دھنسا دیا جائے گا اس واقعہ کی اطلاع پا کر شام کے ابدال اور عراق کے متقی لوگ حضرت مہدی کی خدمت میں پہنچ جائیں گے۔ اس کے بعد آپ سے جنگ کے لیے ایک قریشی النسل بنو کلب پر مشتمل ایک لشکر بھیجے گا جس سے حضرت مہدی کی فوج جنگ کرے گی اور فتحیاب ہوگی۔

احادیث میں امام مہدی کا نام، ولدیت، حلیہ وغیرہ بھی بیان کیا گیا ہے نیز ان کے زمانۂ خلافت میں عدل و انصاف کی ہمہ گیری اور مال و دولت کی فراوانی کا تذکرہ بھی ہے۔ غرضیکہ امام مہدی کے متعلق اس کثرت سے احادیث مروی ہیں کہ اصولِ محدثین کے اعتبار سے وہ حدِ تواتر کو پہنچ گئی ہیں۔ چنانچہ امام ابو الحسین محمد بن الحسین الآبری السجزی الحافظ المتوفی ۳۶۳ھ اپنی کتاب مناقب الشافعی میں لکھتے ہیں:

وقد تواترت الاخبار واستفاضت بکثرۃ رواتھا عن المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم فی المھدی وانہ من اھل بیتہ وانہ یملک سبع سنین ویملاء الارض عدلاً

وان عیسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام یخرج فیساعدہ علی قتل الدجال وانہ یؤم ھٰذہ الامۃ وعیسیٰ خلفہ فی طول من قصتہ وامرہ "(تہذیب التہذیب ج۹ ص۱۲۶ فی ضمن ترجمہ محمد بن خالد الجندی المؤذن)

"امام مہدی سے متعلق مروی روایتیں اپنے راویوں کی کثرت کی بنا پر تواتر اور شہرت عام کے درجہ میں پہنچ گئی ہیں کہ وہ بیتِ رسول سے ہوں گے۔ سات سال تک دنیا میں حکومت کریں گے۔ اپنے عدل وانصاف سے دنیا کو معمور کردیں گے اور عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوکر قتل دجّال میں ان کی مساعدت اور نصرت کریں گے اور اس امت میں مہدی ہی کی امامت میں عیسیٰ علیہ السلام ایک نماز ادا کریں گے وغیرہ، طویل واقعات ان کے سلسلے میں احادیث میں بیان ہوئے ہیں۔

حافظ آبری کے اس قول کو حافظ ابن القیم نے المنار المنیف میں اور شیخ محمد بن احمد سفارینی نے اپنی مشہور کتاب لوائح الانوار البہیۃ میں علامہ مرعی بن یوسف الکرمی کی کتاب فوائد الفکر کے حوالہ سے ذکر کیا ہے۔ علاوہ ازیں امام القرطبی صاحب الجامع لاحکام القرآن نے بھی التذکرہ فی احوال الموتیٰ وامور الآخرہ میں اسے نقل کیا ہے۔

شیخ محمد البرزنجی المدنی المتوفی ۱۱۰۳ھ الاشاعۃ لاشراط الساعۃ ص ۱۱۲ پر لکھتے ہیں:

وقد علمت ان احادیث المہدی وخروجہ اٰخر الزمان وانہ من عترۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ولد فاطمۃ رضی اللہ عنہا بلغت حد التواتر المعنوی فلا معنی لانکارھا۔

"محقق طور پر معلوم ہے کہ مہدی سے متعلق احادیث کہ آخری زمانہ میں ان کا ظہور ہوگا اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل اور فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں ہوں گے تواتر معنوی کی حد کو پہنچی ہوئی ہیں۔ لہٰذا ان کے انکار کی کوئی وجہ اور بنیاد نہیں ہے۔

امام سفارینی کا بیان ہے:

قد کثرت الاقوال فی المہدی حتی قیل لامہدی الا عیسیٰ والصواب الذی علیہ اہل الحق ان المہدی غیر عیسیٰ وانہ یخرج قبل نزول عیسیٰ علیہ السلام وقد کثرت بخروجہ الروایات حتی بلغت حد التواتر المعنوی وشاع ذٰلک بین علماء السنۃ حتی عد من معتقداتہم (لوائح الانوار البہیہ ج۲ ص۸۰)

حضرت مہدی کے بارے میں بہت سارے اقوال ہیں حتیٰ کہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام ہی مہدی ہیں اور صحیح بات جس پر اہلِ حق ہیں یہ ہے کہ مہدی کی شخصیت حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے الگ ہے۔ ان کا ظہور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے پہلے ہوگا۔ ظہور مہدی سے متعلق روایات اتنی زیادہ ہیں کہ تواتر

معنوی کی حد کو پہنچ گئی ہیں اور علما اہلِ سنت کے درمیان اس درجہ عام اور شائع ہوگئی ہیں کہ ظہور مہدی کو ماننا اہلِ سنت والجماعت کے عقائد میں شمار ہوتا ہے۔

حضرت جابر، حذیفہ، ابو ہریرہ، ابو سعید خدری اور حضرت علی رضی اللہ عنہم سے منقول روایتوں کے ذکر اور نشان دہی کے بعد لکھتے ہیں:

وقد روی عمن ذکر من الصحابة وغیر ماذکر منهم رضی الله عنهم بروایات متعددة وعن التابعین من بعدهم مایفید مجموعه العلم القطعی فالایمان بخروج المهدی واجب کما هو مقرر عند اهل العلم ومدون فی عقائد اهل السنة والجماعة (الیضاً ص۸۳)

اوپر مذکور حضرات صحابہ اور ان کے علاوہ دیگر اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اور ان کے بعد تابعین سے اتنی روایتیں مروی ہیں کہ ان سے علم قطعی حاصل ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ظہور مہدی پر ایمان لانا واجب ہے جیسا کہ یہ امر اہل علم کے نزدیک ثابت شدہ ہے اور اہلِ سنت اور الجماعت کے عقائد میں مدون و مرتب ہے۔

یہی بات شیخ الحسن بن علی البربہاری الحنبلی المتوفی ۳۲۹ھ نے بھی اپنے عقیدہ میں لکھی ہے عقیدۃ البربہاری کو ابن ابی یعلی نے طبقات الحنابلہ میں شیخ البربہاری کے ترجمہ میں مکمل نقل کر دیا ہے۔

نواب صدیق حسن خاں قنوجی بھوپالی المتوفی ۱۳۰۷ھ اپنی تالیف الاذاعة لما کان ویکون بین یدی الساعة میں صراحت کرتے ہیں:

"والاحادیث الواردة فی المهدی علی اختلاف روایاتها کثیرة جداً تبلغ حد التواتر وهی فی السنن وغیرها من دواوین الاسلام من المعاجم والمسانید"

(ص ۵۲ مطبوعہ ۱۲۹۳ھ مطبع الصدیقی بھوپال)

امام مہدی سے متعلق احادیث مختلف روایتوں کے ساتھ بہت زیادہ ہیں جو حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں یہ حدیثیں سنن کے علاوہ معاجم، مسانید وغیرہ اسلامی دفتروں میں موجود ہیں۔

اسی کتاب کے صفحہ ۱۰۰ پر لکھتے ہیں:

اقول لاشك ان المهدی یخرج فی اٰخر الزمان من غیر تعیین لشهر وعام لما تواتر من الاخبار فی الباب واتفق علیه جمهور الامة خلفا عن سلف الا من لایعتد بخلافه"

میں کہتا ہوں اس بات میں ادنیٰ شک نہیں ہے کہ آخری زمانہ میں ماہ و سال کی تعیین کے بغیر امام

مہدی کا ظہور ہوگا کیوں کہ اس باب میں احادیث متواتر ہیں اور سلف سے خلف تک جمہور امت کا اس پر اتفاق ہے۔ البتہ بعض ایسے لوگوں نے اس میں اختلاف کیا ہے جن کے اختلاف کا اہل علم کے نزدیک کوئی اعتبار نہیں ہے۔

علامہ محمد بن جعفر الکتانی المتوفی ۱۳۴۵ھ اپنی مشہور تصنیف نظم المتناثر من الحدیث المتواتر میں رقم طراز ہیں:

وتتبع ابن خلدون فی مقدمته طرق احادیث خروجه مستوعبا علی حسب وسعه فلم تسلم له من علة لکن ردوا علیه بان الاحادیث الواردة فیه علی اختلاف روایاتها کثیرة جدا تبلغ حد التواتر وهی عند احمد والترمذی وابی داؤد وابن ماجه والحاکم والطبرانی وابی یعلی الموصلی والبزار وغیرهم من دواوین الاسلام من السنن والمعاجم والمسانید واسندوها الی جماعة من الصحابة فانکارها مع ذالک مما لا ینبغی" (ص۱۴۵)

مشہور فیلسوف مؤرخ علامہ ابن خلدون نے اپنے مقدمہ میں اپنی وسعتِ علمی کے مطابق جملہ طرقِ احادیث کی تخریج کے استیعاب کی کوشش کی ہے اور نتیجتاً ان کے نزدیک کوئی حدیث علت سے خالی نہیں ہے۔ لیکن محدثین نے علامہ ابنِ خلدون کے اس خیال کو رد کردیا ہے کیونکہ امام مہدی کے بارے میں وارد احادیث اپنے راویوں کے مختلف ہونے کے باوجود بہت زیادہ ہیں جو حدِّ تواتر کو پہنچ گئی ہیں جنھیں امام احمد بن حنبل، امام ابوداؤد، امام ابن ماجہ، امام حاکم، امام طبرانی، امام ابویعلی موصلی امام بزار وغیرہ نے دواوینِ اسلام یعنی سنن، معاجم، مسانید میں روایت کی ہیں اور ان احادیث کو صحابہ کی ایک جماعت کی جانب منسوب کیا ہے۔ لہٰذا ان امور کے ہوتے ہوئے ان کا انکار کسی طرح مناسب و درست نہیں ہے۔

امام مہدی سے متعلق جن حضراتِ صحابہ سے حدیثیں منقول ہیں ان میں حسبِ ذیل اکابر صحابہ رضوان اللہ علیہم شامل ہیں:۔ خلیفۂ راشد حضرت عثمان غنی، خلیفۂ راشد حضرت علی مرتضیٰ، طلحہ بن عبید اللہ، عبدالرحمٰن بن عوف، عبداللہ بن مسعود، عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عمرو، عبداللہ بن عباس، ام المومنین ام سلمہ، ام المومنین ام حبیبہ، ابوہریرہ، ابوسعید خدری، جابر بن عبداللہ، انس بن مالک، عمران بن حصین، حذیفہ بن یمان، عمار بن یاسر، جابر بن ماجد صدفی، ثوبان مولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، عوف بن مالک رضی اللہ عنہم اجمعین۔

علامہ ابن خلدون اگرچہ فنِ تاریخ اور علم الاجتماع میں بلند مقام و مرتبہ کے مالک ہیں۔ لیکن محدث نہیں تھے۔ اس لئے اس باب میں ان کی بات علمائے حدیث اور اربابِ جرح و تعدیل کے مقابلہ میں لائقِ قبول نہیں ہے۔ چنانچہ علامہ محمد بن جعفر الکتانی مزید لکھتے ہیں:

ولولا مخافة التطويل لاوردت هٰهنا ما وقفت عليه من احاديثه لانی رایت الکثیر من الناس فی هذا الوقت یتشککون فی امرہ ویقولون ما تریٰ هل احادیثه قطعیة ام لا وکثیر منهم یقف مع کلام ابن خلدون ویعتمدہٗ ۔ مع انهٗ لیس من اهل هذا المیدان والحق الرجوع فی کل فن لارباب؛

(نظم المتناثر من الحدیث المتواتر ص۲۲۸)

"اگر کتاب کے دراز ہو جانے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں اس موقع پر امام مہدی سے متعلق ان احادیث کو درج کرتا جن کی مجھے واقفیت ہے۔ کیوں کہ اس وقت بہت سارے لوگوں کو دیکھ رہا ہوں کہ انہیں امام مہدی کے امر میں تردد ہے اور اس سلسلے میں وہ یقینی معلومات کے متلاشی ہیں اور دیگر بہت سے لوگ ابن خلدون کے قول پر قائم اور اسی پر اعتماد کرتے ہیں جب کہ ابن خلدون اس میدان کے آدمی نہیں تھے۔ اور حق تو یہ ہے کہ ہر فن میں اس فن کے ماہرین کی جانب رجوع کیا جائے۔"

ان ساری تفصیلات سے یہ بات روزِ روشن کی طرح آشکارا ہوگئی کہ امام مہدی سے متعلق احادیث نہ صرف صحیح وثابت ہیں بلکہ متواتر اور اپنے مدلول پر قطعی الدلالت ہیں جن پر ایمان لانا بحسبِ تصریح علامہ سفارینیؒ واجب اور ضروری ہے۔ اسی بنا پر ظہورِ مہدی کا مسئلہ اہلِ سنت والجماعت کے عقائد میں شمار ہوتا ہے البتہ اتنی بات ضرور ہے کہ یہ اسلام کے اہم ترین اور بنیادی عقائد میں داخل نہیں ہے۔ مسئلہ کی اسی اہمیت کے پیشِ نظر ہر دور کے محدثین واکابر علماء نے مسئلۂ مہدی پر ضمناً و مستقلاً شرح وبسط کے ساتھ مدلل کلام کیا ہے۔ جن میں سے بہت سی کتابوں کی نشاندہی خود علامہ ابن خلدون نے بھی مقدمہ میں کی ہے۔

اسی طرح علماءِ حدیث اور ماہرین نے اس مسئلہ سے متعلق ابن خلدون کے نظریہ کی پُرزور تردید کی ہے اور اصولِ محدثین کی روشنی میں علامہ ابن خلدون کے ظاہر کردہ اشکالات کو دور کرکے ظہورِ مہدی کی حقیت اور سچائی کو پورے طور پر واضح کردیا ہے۔

علماءِ امت کی ان مساعیٔ جمیلہ کے باوجود ہر دور میں ایک ایسا طبقہ موجود رہا ہے جو علامہ ابن خلدون کے بیان کردہ اشکالات سے متاثر ہوکر ظہورِ مہدی کے بارے میں شکوک وشبہات میں مبتلا رہا۔ اس لیے علمائے دین بھی اپنے اپنے عہد میں حسبِ ضرورت تحریر وتقریر کے ذریعہ اس مسئلہ کی وضاحت کرتے رہے۔

حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ نے بھی اسی مقصد کے تحت یہ زیرِ نظر رسالہ مرتب کیا تھا۔ چنانچہ اپنے ابتدائیہ میں لکھتے ہیں:

انه قد جری ببعض اندیة العلم ذکر المهدی الموعود فانکر بعض الفضلاء الکاملین صحة الاحادیث الواردة فیه فاحببت ان اجمع الاحادیث

الصحيحة في هذا الباب واترك الحسان والضعاف رجاء انتفاع الناس وتبليغ ما اتى به النبي عليه السلام وان لا يغتر الناس بكلام بعض المصنفين الذين لا المام لهم بعلم الحديث كابن خلدون وغيره فانهم وان كانوا من المعتمدين في التاريخ وامثاله ولا اعتداد لهم في علم الحديث الخ۔

بعض مجالسِ علمیہ میں مہدیٔ موعود کا ذکر آیا تو کچھ ماہرینِ علم نے مہدیٔ موعود سے متعلق وارد حدیثوں کی صحت سے انکار کیا تو مجھے یہ بات اچھی لگی کہ اس موضوع سے متعلق مروی حسن وضعیف روایتوں سے قطع نظر صحیح حدیثوں کو جمع کر دوں تاکہ لوگ اس سے نفع اٹھائیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی تبلیغ بھی ہو جائے۔ نیز ان حدیثوں کے جمع وتدوین سے ایک غرض یہ بھی ہے کہ بعض ان مصنفین کے کلام سے لوگ دھوکا نہ کھا جائیں جنھیں علمِ حدیث سے لگاؤ نہیں ہے جیسے علامہ ابن خلدون وغیرہ یہ حضرات اگرچہ فنِ تاریخ میں معتمد ومستند ہیں لیکن علمِ حدیث میں ان کے قول کا اعتبار نہیں ہے۔"

حضرت شیخ الاسلام نے اپنے اس رسالہ میں بطورِ خاص اس بات کا التزام فرمایا ہے کہ جن صحیح احادیث پر علامہ ابنِ خلدون نے کلام کر کے ان کی صحت مشکوک ثابت کرنے کی کوشش کی تھی جرح وتعدیل سے متعلق ائمۂ حدیث کے مقرر کردہ اصول کی روشنی میں ان کی صحت وحجیّت کو مدلل ومبرہن کر دیا ہے۔ اس اعتبار سے یہ رسالہ ایک قیمتی دستاویز کی حیثیت کا حامل ہے۔ اور اس موضوع پر لکھی گئی ضخیم کتابوں سے بھی زیادہ مفید ہے۔

کچھ باتیں کتاب کے متعلق

آج سے دس گیارہ سال پہلے کی بات ہے کہ ایک دن بیٹھا ماہنامہ الرشید ساہیوال کا خصوصی شمارہ مدنی و اقبال نمبر دیکھ رہا تھا۔ اس میں حضرت شیخ الاسلام قدس سرہٗ کے غیر مطبوعہ مکاتیب کا ایک مختصر سا مجموعہ مرتبہ جناب محمد دین شوق صاحب بعنوان "مکتوباتِ مدنیہ" بھی شریکِ اشاعت ہے۔ (جسے بعد میں الگ سے پاکستان کے ایک مکتبہ نے شائع کر دیا ہے۔) اس مجموعہ کا تیسرا مکتوب جوڈربن افریقہ کے کسی صاحب کے جواب میں ۲۲ رصفر ۱۳۵۴ھ کو لکھا گیا ہے۔ اس میں امام مہدی آخرالزماں کے بارے میں حضرت شیخ الاسلامؒ تحریر فرماتے ہیں۔

"حضرت امام مہدی قیامت سے پہلے بلکہ نزولِ عیسیٰ علیہ السلام اور خروجِ دجال اور فتنۂ یاجوج و ماجوج و دابۃ الارض و طلوعِ شمس من المغرب وغیرہ سے پہلے ظاہر ہوں گے۔ قیامت میں تو تمام انبیاء اور اولیاء کا اجتماع ہوگا۔ حضرت مہدی دنیا میں مذہبِ اسلام کی زندگی اور اس کی تقویت کے باعث ہوں گے۔ وہ اُس وقت ظہور فرمائیں گے جبکہ دنیا ظلم و ستم سے بھر گئی ہوگی۔ اُن کی وجہ سے دنیا عدل و انصاف دین و ایمان سے بھر جائے گی ان کا اور ان کے باپ کا نام جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام اور آپ کے والد ماجد کے نام سے مطابق ہوگا۔ صورت بھی آپ کی صورت کے مشابہ ہوگی آپ ہی کی اولاد ہوں گے۔ یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نسل میں سے:

مکہ مکرمہ میں ظاہر ہوں گے۔ اول جو جماعت ان کے ہاتھ پر بیعت کرے گی وہ تین سو تیرہ آدمی ہوں گے۔ حسبِ عددِ اصحابِ بدر و اصحابِ طالوت۔ لوگوں میں یکبارگی انقلاب پیدا ہوگا۔ حجاز کی اصلاح کے بعد سیریہ اور فلسطین وغیرہ کی اصلاح کریں گے۔ دارالسلطنت

بیت المقدس ہوگا۔ ان کی حکومت پانچ یا سات یا نو برس ہوگی۔ اس بارہ میں صحیح روایتیں تقریباً چالیس میری نظر سے گزری ہیں اور حسن وضعیف بہت زیادہ ہیں۔ ترمذی شریف، مستدرکِ حاکم، ابو داؤد مسلم شریف وغیرہ میں یہ روایات موجود ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر قیامت آنے میں صرف ایک دن باقی رہ جائے گا جب بھی اللہ تعالیٰ مہدی کو ضرور ظاہر کرے گا اور قیامت ان کے بعد لائے گا۔ لہٰذا اس میں بجز تسلیم کوئی چارہ نہیں۔ بہت سے جھوٹوں نے اب تک مہدی ہونے کا دعویٰ کیا مگر کسی میں یہ علامتیں نہیں پائی گئیں جو مہدیٔ موعود کے متعلق ذکر کی گئی ہیں۔

میں نے مالٹا جانے سے پہلے مدینہ منورہ کے کتب خانہ میں تلاش کرکے صحیح صحیح روایتیں جمع کی تھیں، مگر افسوس کہ وہ رسالہ روسی انقلاب میں جاتا رہا۔ اب میرے پاس وہ نہیں رہا اور جن لوگوں نے اس کو نقل کیا تھا وہ بھی وفات پاگئے اور رسالہ پھر نہ مل سکا۔

اس مکتوب سے پہلے نہ کسی سے سُنا تھا اور نہ ہی کسی تحریر میں دیکھا تھا کہ حضرت شیخ الاسلام قُدِّسَ سِرُّہٗ کی اس موضوع پر کوئی تالیف ہے۔ اس لیے فطری طور پر اس نئے انکشاف پر بے حد مسرت ہوئی اور ساتھ ہی دل میں یہ خواہش بھی مچلنے لگی کہ اے کاش کسی طرح یہ قیمتی رسالہ دستیاب ہوجاتا تو اُسے شائع کر دیا جاتا، لیکن حضرت کے اس آخری جملے سے کہ "اب میرے پاس وہ نہیں رہا۔۔۔ اور رسالہ پھر مل نہ سکا" ایک طرح کی مایوسی طاری ہوجاتی اسی بیم و رجا اور اُمیدی و ناامیدی کی ملی جلی کیفیت کے ساتھ اس دُرِّ مکنون کی طلب و تحصیل کی تدبیریں سوچنے لگا۔ ایک دن اچانک دل میں یہ بات آئی کہ اس انقلاب میں حضرت کا سارا اثاثہ حکومت نے ضبط کر لیا تھا اس لیے ممکن ہے کہ اس ضبطی کے بعد آپ کی کتابیں اور دیگر کاغذات کسی سرکاری کتب خانے میں جمع کر دیے گئے ہوں۔ اس موہوم خیال نے دھیرے دھیرے جڑ پکڑ لیا اور ناامیدی پر اُمید کا غلبہ ہوگیا۔ بالآخر اس خیال کا اظہار اپنے لائقِ صد احترام اور مشفق و مہربان رفیق بلکہ بزرگ صاحبزادۂ محترم مولانا سید ارشد مدنی اعلی اللہ مراتبہٗ سے کیا اور ان سے عرض کیا کہ حرمین شریفین کے سفر میں اہم سرکاری کتب خانوں میں تلاش کیا جائے۔ ممکن ہے کہ کہیں یہ گمشدہ رسالہ مل جائے، چونکہ مولانا موصوف

کو حضرت شیخ قدس سرہٗ کے بعض تلامذہ کے ذریعہ یہ بات پہنچی تھی کہ دورانِ درس حضرت نے اس رسالہ کا تذکرہ فرمایا تھا اس لیے اس تراثِ علمی جس کے وہ سچے حقدار ہیں ان میں خود طلب وجستجو کی فکر تھی، چنانچہ حسبِ معمول عمرہ وزیارت کے لیے شعبان میں حرمین شریفین حاضر ہوئے تو اہلِ علم و خبر سے اس سلسلے میں معلومات کی مگر کہیں کوئی سُراغ نہ مل سکا۔ دوسرے سال جب پھر جانا ہوا تو مزید معلومات حاصل کیں۔ وہاں مقیم بعض لوگوں نے نشاندہی کی کہ اگر یہ رسالہ ضائع نہیں ہوا ہے تو اندازہ ہے کہ مکتبۃ الحرم مکہ معظمہ میں ضرور ہوگا۔ مولانا موصوف مکتبۃ الحرم پہنچ گئے اور خُدا کی قدرت مخطوطات کی فہرست میں یہ مل گیا اور خود شیخ الاسلام قدس سرہٗ کے ہاتھ کا لکھا ہُوا۔ چنانچہ اس کا فوٹو لے لیا۔ اس طرح تقریباً پون صدی کی گم نامی کے بعد یہ نادر وقیمتی علمی سرمایہ دوبارہ معرضِ وجود میں آگیا۔

حضرت شیخ الاسلام قدس سرہٗ کے مکتوب سے پتہ چلتا ہے کہ یہ رسالہ امام مہدی سے متعلق صحیح چالیس احادیث پر مشتمل تھا اور بعض لوگوں نے اس کی نقل بھی لی تھی۔ مگر دستیاب مخطوطہ میں کل ۳۷ احادیث ہیں پھر اس میں متعدد مقامات پر حک وفک بھی ہے۔ بعض جگہ سبقتِ قلمی بھی ہے اس لیے اندازہ یہ ہے کہ یہ مبیضہ کی بجائے اصل مسوّدہ ہے۔ واللہ اعلم بالصّواب۔

مہدیٔ موعود سے متعلق بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں جن میں بعض نہایت مفصّل اور ضخیم بھی ہیں، لیکن یہ مختصر رسالہ اس اعتبار سے خاص اہمیت وافادیت کا حامل ہے کہ اس میں صرف صحیح احادیث کو جمع کیا گیا ہے۔ جب کہ دوسری کتابوں میں اس کا التزام نہیں ہے۔ علاوہ ازیں امام ابن خلدُونؒ نے اپنے مقدمہ میں مہدیٔ موعود سے متعلق وارد احادیث پر جو ناقدانہ کلام کیا ہے جس سے متأثر ہوکر بہت سے اہلِ علم بھی مہدیٔ موعود کے ظہور کے بارے میں منکر یا متردد ہیں حضرت شیخ نے علامہ ابن خلدُونؒ کے اُٹھائے ہوئے سارے اعتراضات کا اسمائے رجال اور اُصولِ محدثین کی روشنی میں جائزہ لے کر مدلّل طور پر ثابت کر دیا ہے کہ ان کے یہ اعتراضات دُرست نہیں ہیں اور بلا ریب رسالہ میں منقول احادیث صحیح و حُجت ہیں۔ اس لیے یہ رسالہ بقامت کہتر وبقیمت بہتر کا صحیح مصداق ہے۔ احقر نے اپنی بضاعت وہمّت کے مطابق اس نادر و بیش بہا علمی تحفہ کو مفید سے مفید تر بنانے کی پوری کوشش کی ہے۔ حضرت شیخ الاسلام قدس سرہٗ نے جن کُتبِ حدیث سے احادیث نقل کی ہیں۔ ان کی جلد وصفحہ کا حوالہ دے دیا ہے۔ اسی طرح رجالِ سند پر حضرت نے

جہاں جہاں کلام کیا ہے۔ اس کا حوالہ نقل کر دیا ہے اور حسبِ ضرورت بعض رجال پر حضرت کے مختصر کلام کی تفصیل کر دی ہے۔ بعض احادیث کے بارے میں نشاندہی کر دی ہے کہ کن کن ائمہ حدیث نے ان کی تخریج کی ہے۔ غریب و مشکل الفاظ کی کتبِ لغت سے تشریح بھی نقل کر دی ہے۔ اسی کے ساتھ رسالہ کو مکمل تر بنانے کی غرض سے بطور تکملہ آخر میں چند احادیثِ صحیحہ کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ پھر اس قیمتی علمی سرمایہ کو مفید عام بنانے کی غرض سے تمام حدیثوں کا ترجمہ بھی کر دیا ہے۔ والحمد للہ الذی بنعمتہ تتم الصالحات وصلی اللہ علی النبی الکریم وعلی جمیع اصحابہ وبارک وسلم۔

حبیب الرحمٰن قاسمی

خادم التدریس دارالعلوم دیوبند

بسم الله الرحمن الرحيم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَ نَسْتَعِيْنُهُ وَ نَسْتَغْفِرُهُ وَ نُؤْمِنُ بِهِ وَ نَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَسَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَه وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَه وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُه وَرَسُوْلُه صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِه وَصَحْبِه وَسَلَّمَ، اَمَّا بَعْدُ، فَيَقُوْلُ اَحْقَرُ طَلَبَةِ الْعُلُوْمِ الدِّيْنِيَّةِ بِبَلْدَةِ سَيِّدِ الْاَنَامِ وَخَيْرِ الْبَرِيَّةِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِه اَلْفُ اَلْفِ صَلَاةٍ وَّتَحِيَّةٍ، اَلرَّاجِيْ عَفْوَرَبِّهِ الصَّمَدِ عَبْدُه الْمَدْعُوُّ بِحُسَيْنٍ اَحْمَدَ غَفَرَلَه وَلِوَالِدَيْهِ وَمَشَائِخِهِ الرَّءُوْفُ الْاَحَدُ، اِنَّه قَدْجَرٰى بِبَعْضِ اَنْدِيَةِ الْعِلْمِ ذِكْرُ الْمَهْدِيِّ الْمَوْعُوْدِ فَاَنْكَرَ بَعْضُ الْفُضَلَاءِ الْكَامِلِيْنَ صِحَّةَ الْاَحَادِيْثِ الْوَارِدَةِ فِيْهِ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَجْمَعَ الْاَحَادِيْثَ الصَّحِيْحَةَ فِيْ هٰذَالْبَابِ وَاَتْرُكَ الْحِسَانَ وَالضِّعَافَ رَجَاءَ انْتِفَاعِ النَّاسِ وَتَبْلِيْغَ مَا اَتٰى بِهِ النَّبِيُّ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَاَنْ لَّا يَغْتَرَّالنَّاسُ بِكَلَامِ بَعْضِ الْمُصَنِّفِيْنَ الَّذِيْنَ لَا اِلْمَامَ لَهُمْ بِعِلْمِ الْحَدِيْثِ كَابْنِ خَلْدُوْن(۱) وَغَيْرِه

حمد وصلوٰۃ کے بعد ـــــ تمام مخلوق کے سردار اور تمام مخلوق میں سب سے بہتر ہستی (ان پر اللہ کی کروڑوں رحمتیں ہوں) کے شہر (مدینہ طیّبہ) کے دینی طلباء میں سے سب حقیر بندہ جو اپنے بے نیاز پرودگار کی رحمت کا اُمیدوار ہے جسے حسین احمدؒ کہا جاتا ہے۔ خدائے مشفق و مہربان وحدہٗ لاشریک اُس کی اور اُس کے والدین کی مغفرت فرمائے۔ عرض رساں ہے کہ بعض مجالسِ علمیہ میں مہدیٔ موعود کا ذکر آیا تو کچھ ماہرینِ علم نے مہدیٔ موعود سے متعلق وارد حدیثوں کی صحت سے انکار کیا تو مجھے یہ بات اچھی لگی کہ اس موضوع سے متعلق مروی حسن وضعیف روایتوں سے قطع نظر صحیح حدیثوں کو جمع کردوں تاکہ لوگ اس سے نفع اُٹھائیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی تبلیغ بھی ہو جائے، نیز ان حدیثوں کی جمع وتدوین سے ایک غرض یہ بھی ہے کہ بعض اُن مصنّفین کے کلام سے لوگ دھوکا نہ کھا جائیں جنھیں علمِ حدیث سے لگاؤ نہیں ہے جیسے علامہ ابن خَلْدُوْن وغیرہ یہ حضرات اگرچہ فنِ تاریخ میں

---

(۱) قاضي القضاة عبد الرحمن بن محمد بن خلدون الأشبيلي الحضرمي المالكي المتوفى ۸۰۸ھ ولد في تونس سنة ۷۳۲ھ مؤرخ وفيلسوف ورجل سياسي درس المنطق والفلسفة والفقه والتاريخ فعينه أبو عنان سلطان تونس والى الكتابة ثم سافر إلى الأندلس فانتدبه ابن الأحمر صاحب غرناطة سفيرا إلى ملك قشتاله ثم رحل إلى مصر ودرس في الأزهر وتولى قضاء المالكية ولم يتزى بزى القضاة محتفظا بزى بلاده وعزل و أعيد وتوفى فجأة في القاهرة كان فصيح المنطق جميل الصورة عاقلا ←

فَإِنَّهُمْ وَإِنْ كَانُوا مِنَ الْمُعْتَمِدِيْنَ فِى التَّارِيْخِ وَأَمْثَالِهِ فَلَا اعْتِدَادَ لَهُمْ فِى عِلْمِ الْحَدِيْثِ وَقَدْ كُنْتُ أَسْمَعُ قَبْلَ ذٰلِكَ الْإِنْكَارَ مِنْ بَعْضِ الْعَوَامِ أَيْضاً لٰكِنْ لَمْ يَحْمِلْنِىْ إِنْكَارُهُمْ عَلَى الْجَمْعِ وَلَمَّا رَأَيْتُ فُضَلَاءَ الْأَوَانِ وَأَئِمَّةَ الزَّمَانِ يَتَرَدَّدُوْنَ فِيْهِ شَمَّرْتُ ذَيْلِىْ لِهٰذَا الْمَقْصَدِ الْمُنِيْفِ لَعَلَّه يَكُوْنُ ذَرِيْعَةً لِإِزَالَةِ الْإِشْتِبَاهِ عَنْ هٰذَا الدِّيْنِ الْمُنِيْفِ وَعَلَى اللّٰهِ التُّكْلَانُ. وَحَيْثُ إِنَّ بَعْضَ الْأَحَادِيْثِ قَدْ تَكَفَّلَ بِه إِمَامٌ مِّنْ أَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ أَتَيْتُ بِه بِغَيْرِ تَعَرُّضٍ لِرِجَالِه وَمَالَمْ يَكُنْ كَذٰلِكَ تَعَرَّضْتُ لِرِجَالِه فَمَنْ كَانَ مِنْ رِجَالِ الصَّحِيْحَيْنِ اِكْتَفَيْتُ بِذِكْرِ ذٰلِكَ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ كَذٰلِكَ أَتَيْتُ بِأَلْفَاظِ التَّوْثِيْقِ الَّتِىْ ذَكَرَهَا أَئِمَّةُ الْجَرْحِ وَالتَّعْدِيْلِ وَلَمَّا كَانَ الْحَاكِمُ أَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ النَّيْسَابُوْرِىُّ رَحِمَهُ اللّٰه تَعَالٰى(۱) يُرْمٰى

معتمد و مستند ہیں، لیکن علم حدیث میں ان کے قول کا اعتبار نہیں ہے۔ میں اس سے پہلے بھی بعض عوام سے مہدیٔ موعود کے بارے میں مروی احادیث کا انکار سُن رہا تھا، لیکن عوام کے انکار سے مجھے اِن احادیث کے جمع کرنے کی رغبت نہیں ہوئی تھی، لیکن جب فضلاء وقت اور عُلماء زمانہ کو میں نے اس بارے میں متردد دیکھا تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہوئے اس بلند مقصد کے لیے میں تیار ہوگیا تاکہ یہ دینِ مُنیف سے شُبہات کے دُور کرنے کا ذریعہ بن جائے اور چونکہ کچھ احادیث تو ایسی ہیں جن کی ائمہ حدیث میں سے کسی نہ کسی امام نے ذمّہ داری لی ہے اور کچھ ایسی نہیں ہیں، لہٰذا اگر مجھے کوئی ایسی حدیث ملی جسکی صحت کی کسی نہ کسی معتبر امام حدیث نے ذمّہ داری لی ہے تو میں اُسے اُس کے رجال سے تعرض کیے بغیر ذکر کروں گا اور جو حدیث ایسی نہ ہوگی

→

صادق اللهجة طامحا للمراتب العالية اشتهر بكتابه "العبر وديوان المبتدأ والخبر فى تاريخ العرب والعجم والبربر" فى سبعة مجلدات أولها المقدمة وهى تعد من أصول علم الاجتماع ومن كتبه شرح البردة وكتاب فى الحساب ورسالة فى المنطق وشفاء السائل لتهذيب المسائل- وقد طعن ابن خلدون فى أحاديث المهدى فى مقدمته فى الفصل الثانى والخمسين ولكن لااعتداد بقوله فى تصحيح حديث وتضعيفه عند اهل الحديث لأنه ليس من رجال الحديث كما قال الشيخ رحمه الله وقال أيضا الشيخ أحمد شاكر فى تخريجه الأحاديث لمسند الامام أحمد ج ٥ ص ١٩٧، أما ابن خلدون فقد قفا ماليس به علم واقتحم قحما لم يكن من رجالها (الاعلام للزركلى ج ٣ ص ٣٣٠ والمنجد فى الاعلام ص١٧٩)

(١) أبو عبد الله محمد بن عبد الله بن محمد بن حمدوية الحاكم الضبى النيسابورى المعروف بابن البيع على وزن قيم صاحب التصانيف التى لم يسبق إلى مثلها كتاب الاكليل وكتاب المدخل اليه وتاريخ نيسابور وفضائل الشافعى والمستدرك على كتاب الصحيحين وغير ذلك توفى عام ٤٠٥ هـ وهو متساهل فى الصحيح واتفق الحفاظ على أن تلميذه البيهقى أشد تحريا منه، (الرسالة المستطرفة (بقیہ)

بِالتَّسْهِيْل فِيْ تَصْحِيْحِ الْحَدِيْثِ لَمْ اَكْتَفِ بِتَصْحِيْحِه فَقَطْ بَلْ اعْتَمَدْتُ عَلٰى تَلْخِيْصِ صِحَاحِ الْمُسْتَدْرَكِ لِلذَّهَبِيْ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى(١) فَمَا جرحَ فِيْ صِحَّتِه تَرَكْتُه وَمَا قَبِلَه اَتَيْتُ بِه وَتَرَكْتُ كَثِيْراً مِّنَ الْاَحَادِيْثِ لِعَدَمِ الْاِطِّلَاعِ عَلٰى اَسَانِيْدِهَا مِمَّا ذَكَرَهُ صَاحِبُ كَنْزِ الْعُمَّالِ وَغَيْرُه(٢) وَاعْتَمَدْتُ فِيْ تَعْدِيْلِ الرُّوَاةِ وَتَوْثِيْقِهِمْ عَلٰى تَهْذِيْبِ التَّهْذِيْبِ وَخُلَاصَةِ التَّهْذِيْبِ، هٰذَا وَعَلَى اللّٰهِ الْاِعْتِمَادُ وَهُوَ حَسْبِى وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

تو میں اس کے رجال کے بارے میں بحث کروں گا ــــــــــــ پھر اگر رجال صحیحین کے ہوں گے تو میں صرف صحیحین کے ذکر پر اکتفاء کروں گا اور جو رجال صحیحین کے نہ ہوں گے تو پھر میں اُن الفاظِ توثیق کو لاؤں گا جن کو ائمہ جرح و تعدیل نے ذکر کیا ہوگا۔ امام حاکم ابو عبداللہ نیشا پوری رحمہ اللہ پر چونکہ تصحیحِ احادیث میں تساہل کا الزام ہے اس لیے میں نے صرف ان کی تصحیح کو کافی نہیں سمجھا بلکہ امام ذہبی رحمہ اللہ کی مستدرک پر جو تلخیص ہے۔ اس پر اعتماد کیا ہے اور جس حدیث کی صحت پر امام ذہبیؒ نے جرح کی ہے میں نے اس کو چھوڑ دیا ہے اور جن احادیث کو اُنھوں نے قبول کیا ہے ان کو میں نے بھی ذکر کیا ہے اور میں نے بہت سی احادیث سند معلوم نہ ہونے کی بناء پر ترک کر دی ہیں۔ جن کو صاحبِ کنز العمال وغیرہ نے ذکر کیا ہے اور رُواۃ کی تعدیل و توثیق میں میں نے تہذیب التہذیب اور خلاصۃ التہذیب پر اعتماد کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی پر میرا بھروسہ ہے اور وہی مجھے کافی ہیں اور بہترین کارساز ہیں۔

---

(١) الحافظ شمس الدين أبو عبد الله محمد بن أحمد بن عثمان التركماني الفاروقي الاصل الذهبي نسبة الى الذهب كما في التبصير توفي بدمشق سنة ٧٤٨هـ قد لخص الذهبي المستدرك للحاكم وتعقب كثيرا منه بالضعف والنكارة او الوضع وقال في بعض كلامه إن العلماء لا يعتدون بتصحيح الترمذي ولا الحاكم (أيضا ص ٢٠).

(٢) الشيخ علاء الدين علي الشهير بالمتقي بن حسام الدين عبد الملك بن قاضي خان الشاذلي القادري الهندي ثم المدني فالمكي فقيه من علماء الحديث أصله من جونفور ومولده في برهانفور من بلاد الدكن بالهند علت مكانته عند السلطان محمود ملك غجرات وسكن في المدينة ثم أقام بمكة مدة طويلة وتوفي بها سنة ٩٧٥هـ، له مصنفات في الحديث وغيره منها كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال في ثمانية اجزاء ومختصر كنز العمال ومنهج العمال في سنن الاقوال (مخطوطه)

الجمع بين الحكم القرآنية والحديثية (مخطوطه) قال العيدروسي مؤلفاته نحو مأة ما بين كبير وصغير وقد افرد عبد القادر بن أحمد الفاكهي مناقبه في تاليف سماه القول النقي في مناقب المتقي. الرسالة المستطرفة ص:١٤٩، الأعلام للزركلي ج٤ ص ٣٠٩.

قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ عِیْسٰی مُحَمَّدُ بْنُ عِیْسٰی بْنِ سَوْرَۃَ التِّرْمِذِیُّ رَحِمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی فِیْ جَامِعِہٖ(۱)

(۱) حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ اَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدِ نِ الْقُرَشِیُّ نَااَبِیْ نَاسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَہْدَلَۃَ عَنْ زِرٍّ(۲) عَنْ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ الہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ، ، لَاتَذْھَبُ الدُّنْیَا حَتّٰی یَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِّنْ اَھْلِ بَیْتِیْ یُوَاطِیُٔ(۳) اِسْمُہٗ اِسْمِیْ، ، الخ. وَفِی الْبَابِ عَنْ عَلِیٍّ وَّاَبِیْ سَعِیْدٍ وَّاُمِّ سَلَمَۃَ وَاَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمْ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ(۴)

امام حافظ ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورت ترمذی رحمہ اللہ اپنی کتاب ”جامع ترمذی“ میں فرماتے ہیں۔

(۱) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی یہاں تک کہ [redacted] (آلِ اولاد) میں سے ایک شخص عرب کا بادشاہ ہو جائے جس کا نام میرے نام کے مطابق (یعنی محمدؐ) ہوگا (ترمذی ج ۲ ص ۴۷)

(۱) محمد بن عیسی بن سورۃ بن موسی السلمی البوغی الترمذی أبو عیسی توفی سنة ۳۷۹ ھ من أئمة علماء الحدیث وحفاظه من اهل ترمذ (علی نہر جیحون) تلمذ علی البخاری وشارکه فی بعض شیوخه وقام برحلات إلی خراسان والعراق والحجاز وعمی فی آخر عمره وکان یضرب به المثل فی الحفظ مات بـ "ترمذ" من تصانیفه الجامع الکبیر المعروف باسم الترمذی فی الحدیث مجلدان والشمائل النبویة والتأریخ والعلل فی الحدیث (الاعلام ج ۲ ص ۳۲۲).

(۲) زر فی المغنی زِرٌّ بکسر زای وشدۃ راء.

(۳) یواطی ای یوافق ویماثل.

(۴) الترمذی ج ۲ ص۴۷.

(٢) حَدَّثَنَا عَبْدُالجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ الْعَطَّارُ نَاسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَلِيْ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اسْمُهُ اِسْمِيْ قَالَ عَاصِمٌ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا يَوْماً لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَلِيَ. اه

هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ(١)

وَقَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْحُجَّةُ اَبُوالْحُسَيْنِ مُسْلِمُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْقُشَيْرِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى.

(٣) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُوْنٍ ثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ صَالِحٍ نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو نَا زَيْدُ بْنُ اَبِيْ اُنَيْسَةَ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ الْعَامِرِيِّ عَنْ يُوْسُفَ ابْنِ مَاهِكٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَفْوَانَ عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ(٢) رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

(۲) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ میرے اہلِ بیت سے ایک شخص خلیفہ ہوگا جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا۔ حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ایک روایت میں ہے کہ اگر دنیا کا ایک ہی دن باقی رہ جائے گا تو اللہ تعالیٰ اُسی دن کو دراز کردیں گے یہاں تک کہ وہ شخص (یعنی مہدی) خلیفہ ہو جائے۔ (ترمذی ج ۲ ص ۴۴)

ان دونوں حدیثِ پاک کا حاصل یہ ہے اس مرد اہلِ بیت کا قیامت کے آنے سے پہلے خلیفہ ہونا ضروری ہے۔ اس کی خلافت کے بعد ہی قیامت آئے گی۔

(۳) حضرت اُمّ المؤمنین (یعنی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا) روایت کرتی ہیں کہ رسولِ خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ زمانۂ قریب میں مکّہ معظمہ کے اندر ایک قوم پناہ گزیں ہوگی جو شوکت وحشمت اور افرادی اور ہتھیاروں کی طاقت سے تہی دست ہوگی۔ اس سے جنگ کے لیے ایک لشکر (ملک شام سے) چلے گا۔ یہاں تک کہ یہ لشکر جب (مکہ ومدینہ کے درمیان) ایک چٹیل میدان میں پہنچے گا تو اُسی جگہ زمین میں دھنسا دیا جائے گا

---

(١) أيضا وأخرجه الإمام أبوداود في سننه وسكت عنه والحافظ أبو بكر البيهقي في باب ما جاء في خروج المهدي وله شواهد صحيح عن علي. عند أبي داود وعن أبي سعيد الخدري عند ابن ماجة والحاكم وأحمد.

(٢) قال الدارقطني هي عائشة (شرح صحيح مسلم للإمام النووي ج٢ ص٣٨٨).

وَسَلَّمَ قَالَ سَيَعُوْذُ بِهٰذَا الْبَيْتِ يَعْنِى الْكَعْبَةَ قَوْمٌ لَيْسَ لَهُمْ مَنَعَةٌ(۱) وَلَا عَدَدٌ وَلَا عِدَّةٌ يُبْعَثُ اِلَيْهِمْ جَيْشٌ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا بِبَيْدَاءَ(۲) مِنَ الْاَرْضِ خُسِفَ بِهِمْ- قَالَ يُوْسُفُ وَاَهْلُ الشَّامِ يَوْمَئِذٍ يَسِيْرُوْنَ اِلٰى مَكَّةَ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ صَفْوَانَ اَمْ وَاللّٰهِ مَاهُوَ بِهٰذَا الْجَيْشِ وَ فِىْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى عِنْدَه عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ عَبِثَ.(۳) رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ مَنَامِه فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) صَنَعْتَ شَيْئاً فِىْ مَنَامِكَ لَمْ تَكُنْ تَفْعَلُه فَقَالَ الْعَجَبُ اِنَّ نَاساً مِنْ اُمَّتِىْ يَؤُمُّوْنَ بِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ قَدْ لَجَاَ بِالْبَيْتِ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ فَقُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ایک دوسری روایت میں یوں مروی ہے کہ ایک مرتبہ نیند کی حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک میں (خلافِ معمول) حرکت ہوئی تو ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! آج نیند میں آپؐ سے ایسا کام ہوا جسے آپؐ نے (اس سے پہلے) کبھی نہیں کیا ؟ اس سوال کے جواب میں آپ نے فرمایا عجیب بات ہے کہ کعبۃ اللہ میں پناہ گزیں ایک قریشی (یعنی مہدی) سے جنگ کے ارادے سے میری اُمت کے کچھ لوگ آئیں گے اور جب مقامِ بیدا (یعنی مکہ و مدینہ کے درمیان واقع چٹیل بیابان) میں پہنچیں گے تو زمین میں دھنسا دیے جائیں گے۔ ہم نے عرض کیا یا رسول ان میں تو بہت سے راہ گیر بھی ہو سکتے ہیں (جو اتفاقاً راستہ میں ان کے ساتھ ہو گئے ہوں گے تو انھیں کس جرم میں دھنسایا جائے گا) آپؐ نے فرمایا ہاں ان میں کچھ بارادۂ جنگ آنے والے ہوں گے، کچھ مجبور ہوں گے۔ (یعنی زبردستی انھیں ساتھ لے لیا جائے گا) اور کچھ راہ گیر ہوں گے۔ یہ سب کے سب اکٹھا دھنسا دیے جائیں گے۔ البتہ قیامت میں ان کا حشر ان کی نیتوں کے لحاظ سے ہوگا۔

مطلب یہ ہے کہ نزولِ عذاب کے وقت مجرمین کے ساتھ رہنے والے بھی عذاب سے محفوظ

---

(۱) منعة بفتح النون وكسرها اى ليس لهم من يحميهم ويمنعهم.

(۲) البيداء كل أرض لمساء لا شئ بها.

(۳) عبث قيل معناه اضطرب بجسمه وقيل حرك اطرافه كمن ياخذ شيئا او يدفعه.

الطَّرِيْقَ قَدْ يَجْمَعُ النَّاسَ قَالَ نَعَمْ فِيهِمُ الْمُسْتَبْصِرُ(۱) وَالْمَجْبُوْرُ وَابْنُ السَّبِيْلِ يَهْلِكُوْنَ مَهْلَكاً وَاحِداً وَ يَصْدُرُوْنَ مَصَادِرَ شَتّٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ. اه (۲)

(٤) حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَانَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَ يُوْشِكُ اَهْلُ الشَّامِ اَنْ لَّا يُجْبٰى اِلَيْهِمْ دِيْنَارٌ وَلَا مُدْيٌ(۳). قُلْنَا مِنْ اَيْنَ ذٰلِكَ قَالَ مِنْ قِبَلِ الرُّوْمِ ثُمَّ سَكَتَ هُنَيَّةً ثُمَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فِیْ اٰخِرِ اُمَّتِیْ خَلِيْفَةٌ يَحْثِیْ(۴) الْمَالَ حَثْياً وَلَا يَعُدُّهٗ عَدًّا قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ نَضْرَةَ وَاَبِی الْعَلَاءِ أَتَرَيَانِ اَنَّهٗ عُمَرُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ فَقَالَا لَا الخ (۵)

نہیں ہوں گے، بلکہ عذاب کی ہمہ گیری میں وہ بھی شامل ہوں گے، البتہ قیامت کے دن سب کے ساتھ معاملہ ان کی نیت وعمل کے مطابق ہوگا۔ (صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۸۸)

(۴) ابو نضرہ تابعی بیان کرتے ہیں کہ ہم حضرت جابر بن عبداللہ کی خدمت میں تھے کہ انھوں نے فرمایا قریب ہے وہ وقت جب اہلِ شام کے پاس نہ دینار لائے جاسکیں گے اور نہ ہی غلہ، ہم نے پوچھا یہ بندش کن لوگوں کی جانب سے ہوگی؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا رومیوں کی طرف سے۔ پھر تھوڑی دیر خاموش رہ کر فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ میری آخری اُمت میں ایک خلیفہ ہوگا (یعنی خلیفہ مہدی) جو مال لپ بھر بھر دے گا، اور اسے شمار نہیں کرے گا۔

اس حدیث کے راوی الجریری کہتے ہیں کہ میں نے (اپنے شیخ) ابو نضرہ اور ابو العلاء سے دریافت کیا۔ کیا آپ حضرات کی رائے میں حدیثِ پاک میں مذکور خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نہیں ہیں؟ تو ان دونوں حضرات نے فرمایا نہیں یہ خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے علاوہ ہوں گے۔ (مسلم ج ۲ ص ۳۹۵)

---

(۱) المستبصر فهو المستبين لذلك القاصد له عمدا.

(۲) صحيح مسلم ج ۲ ص ۳۸۸ وقد ذكر مسلم الحديث قبل هذه الرواية من رواية أم سلمة

(۳) مدى مكيال في الشام ومصر يسع ۱۹ صاعا.

(۴) يحثى حثيا وحثوا هو الحفن باليدين.

(۵) صحيح مسلم ج ۲ ص ۳۹۵ ونقل مسلم بعد هذه الرواية عن أبي سعيد الخدري نحوه.

قُلْتُ وَلَا يُقْلِقُكَ اَنَّكَ لَا تَجِدُ فِي شَيْءٍ مِّنْ هٰذِهِ الرِّوَايَاتِ ذِكْرَ الْمَهْدِيِّ اَنَّ الْاَحَادِيْثَ الصَّحِيْحَةَ الَّتِيْ سَيَاتِيْ ذِكْرُهَا تُصَرِّحُ اَنَّ ذَالِكَ الرَّجُلَ الْعَائِذَ بِالْبَيْتِ اِنَّمَا هُوَالْمَهْدِيُّ وَكَذٰلِكَ الْخَلِيْفَةُ الَّذِيْ يَحْثِي الْمَالَ حَثْياً هُوَالْمَهْدِيُّ وَاَنَّ الْاَحَادِيْثَ يُفَسِّرُ بَعْضُهَا بَعْضاً كَمَالَا يَخْفٰى عَلٰى مَنْ لَه نَوْعُ اِلْمَامٍ بِالْحَدِيْثِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

وَقَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْحُجَّةُ اَبُوْدَاوُدَ سُلَيْمَانُ (۱) بْنُ الْاَشْعَثِ السِّجِسْتَانِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ سُنَنِه.

(۵) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ اَنَّ عُمَرَبْنَ عُبَيْدٍ حَدَّثَهُمْ ح وَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِنَا اَبُوْبَكْرٍ يَعْنِي ابْنَ عَيَّاشٍ ح وَثَنَا مُسَدَّدُنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ ح وَثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ نَاعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَنَازَائِدَةُ ح ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ثَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ فِطْرٍ اَلْمَعْنٰى كُلُّهُمْ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْه عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا يَوْمٌ قَالَ زَائِدَةُ لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ رَجُلًا مِنِّيْ اَوْمِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اسْمُه اِسْمِيْ وَاسْمُ اَبِيْهِ بِاسْمِ اَبِيْ زَادَ فِيْ حَدِيْثِ فِطْرٍ

(تنبیہ) اوپر مذکوران احادیث میں اگرچہ صراحتاً خلیفہ مہدی کا ذکر نہیں ہے لیکن دیگر صحیح حدیثوں میں صاف طور پر مذکور ہے کہ کعبۃ اللہ میں پناہ لینے والے خلیفہ مہدی ہی ہوں گے جن سے جنگ کے لیے سفیانی کا لشکر شام سے چلے گا اور جب مقام بیدا میں پہنچے گا تو دھنسا دیا جائیگا اسی طرح صحیح احادیث میں یہ تصریح موجود ہے کہ بغیر شمار کیے لپ بھر بھر مال عطا کرنے والے خلیفہ مہدی ہی ہیں اس لیے بلا ریب ان مذکورہ حدیثوں میں خلیفہ مہدی کی طرف واضح اشارہ ہے اور یہ حدیثیں انہی سے متعلق ہیں۔

(۵) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر دنیا کا

---

(۱) الحافظ الحجة سليمان بن الأشعث بن إسحاق بن بشير الازدى السجستانى ابوداؤد إمام أهل الحديث فى زمانه أصله من سجستان رحل رحلة كبيرة وتوفى بالبصرة سنة ۲۷۵هـ، له السنن فى جزئين وهو أحد الكتب الستة جمع فيه ٤٨٠٠ حديثا انتخبها من ٥٠٠٠٠٠ حديثا وله المراسيل الصغيرة فى الحديث وكتاب الزهد. مخطوطة فى خزانة القرويين بخط اندلسى والبعث والنشور مخطوطة رسالة وتسمية الاخوة مخطوطة رسالة: الاعلام ج ۳ ص ۱۲۲.

يَملأ الْاَرض قِسطًا وَعدلاً كَمَا مُلِئت ظُلماً وَجورًا وَقَالَ فِيْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ لَاتَذهَبُ اَوْلاَ تَنقضِى الدُّنيَا حَتَّى يَملِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِىْ يُوَاطِى اسْمُه اِسْمِىْ قَالَ اَبُوْدَاوٗد لَفظُ عُمَرٍ وَ اَبِىْ بَكرٍ بِمَعْنَى سُفْيَان. (۱)

قُلْتُ مَدَارُ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ عَلٰى عَاصِمِ (۲) بْنِ بَهْدَلَةَ الْمَعْرُوْفِ بِابْنِ اَبِى النُّجُوْدِ اَحَدِالْقُرَّاءِ السَّبْعَةِ اَخرَجَ لَهُ الْبُخَارِىُّ وَمُسْلِمٌ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰى مَقْرُوْنًا وَالْاَرْبَعَةُ. وَثَّقَه اَحْمَدُ وَالْعِجْلِىُّ وَ يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ وَاَبُوْزُرْعَةَ وَاَمَّازِرٌّ فَهُوَابْنُ حُبَيْشٍ الْاَسَدِىُّ الْكُوْفِىُّ اَخْرَجَ لَه السِّتَّةُ وَاَمَّا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَلصَّحَابِىُّ الْفَقِيْهُ الْمَعْرُوْفُ نَعْلَمُ بِمَا ذُكِرَ اَنَّ الْحَدِيْثَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ الْحَاكِمُ فِىْ مُسْتَدْرَكِهٖ مَانَصُّه وَالْحَدِيْثُ الْمُفَسَّرُ بِذٰلِكَ الطَّرِيْقِ وَطُرُقِ حَدِيْثِ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ كُلُّهَا صَحِيْحَةٌ اَىْ كُلُّ طُرُقِه صَحِيْحَةٌ عَلٰى مَا اَصَّلْتُه فِىْ هٰذَالْكِتَابِ بِالْاِحْتِجَاجِ بِاَخْبَارِ عَاصِمِ ابْنِ اَبِى النُّجُوْدِ اِذْ هُوَ اِمَامٌ مِنْ اَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ(۳)

(٦) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ حَدَّثَنَا فِطْرٌ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِىْ بَزَّةَ عَنْ اَبِى الطُّفَيْلِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَمْ يَبْقَ مِنَ الدَّهْرِ اِلَّا يَوْمٌ لَبَعَثَ اللّٰهُ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ بَيْتِىْ يَمْلَأُهَا عَدْلًا كَمَامُلِئَتْ

صرف ایک دن باقی بچے گا تو اللہ تعالیٰ اسی دن کو دراز فرمادیں گے تاکہ میرے اہل بیت سے ایک شخص کو پیدا فرمائیں جس کا نام اور ولدیت میرے نام اور ولدیت کے مطابق ہوگی۔ وہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔ (یعنی پوری دنیا میں عدل و انصاف ہی کی حکمرانی ہوگی) جس طرح وہ اس سے پہلے، ظلم و زیادتی سے بھری ہوگی۔ (ابوداؤد ج ۲ ص ۵۸۸)

(٦) حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ اگر زمانہ سے ایک ہی

---

(۱) سنن ابی داؤد اول کتاب المهدی ج ۲ ص ۵۸۸.

(۲) عاصم بن بهدله راجع تهذیب التهذیب ج ۵ ص ۳۵ وخلاصه التذهیب ص ۱۸۱ وزر بن حبیش تهذیب التهذیب ج ۳ ص ۲۷۷.

(۳) المستدرك كتاب الفتن والملاحم ج۲ ص ۵۵۷ - وقال صاحب عون المعبود سكت عنه ابو داؤد والمنذرى وابن القيم وله شاهد صحيح من حديث على عند ابى داؤد ورواه الترمذى كما مر وابن ماجة واحمد من حديث ابى سعيد الخدرى نا الحديث، صحيح بشواهده، والله اعلم.

جوْرًا الخ(١).

اقُول اما عُثمانُ بْنُ ابى شَيْبَةَ فهو عُثمانُ بْنُ مُحمد بن ابى شيبة ابراهيمُ بْنُ عُثمانَ العَبسِى ابوالحسن الكُوفِىُّ الحافِظُ احَدُ الاعْلامِ اخرج له الشَّيخان وابُوداود والنسائى وابْنُ ماجة قال ابنُ معِين ثقةٌ امِينٌ(٢) وَامّا الفضلُ بْنُ دُكَيْنٍ فهو عمْرُو بْنُ حمّادبْنِ الزُّهيْرِ التَّيمِىُّ مولى ال طلحة ابُو نُعيم الكُوفِىُّ المُلائِىُّ الاحْوَلُ الحافِظُ العالِمُ قال احْمدُ ثقةٌ يقْظانٌ عارِفٌ بالحديثِ وَقال الفسوِىُّ اجْمع اصحابنا على انَّ ابا نُعيم كان غايةً فى الاتقانِ اخرج له السِّتَّةُ، وامّا فطرٌ فهو ابنُ خليفة القرشىُّ المخزومِىُّ ابُوبكرِ الحناطُ الكُوفىُّ اخرج له البُخارىُّ والاربعةُ وثّقه احْمدُ و ابنُ معِينٍ والعِجلىُّ وابْنُ سعْدٍ. امّا القاسمُ بْنُ ابى بزّة فهو ابُوالطُّفيلِ(٣) فهو عامِرُبْنُ واثلة الكنانِىُّ اللَّيثِىُّ احدُ الصَّحابة واخِرُهُمْ وفاتا على الاطلاقِ و اخرج لهُ السِّتَّةُ والحاصِلُ انَّ الحديث صحِيحٌ(٤) على شرْطِ البُخارىّ رحِمهُ اللّٰهُ تعالى.

(٧) حدَّثنا احْمدُبْنُ اِبراهِيمَ ثنِى عبْدُ اللّٰهِ بْنُ جعْفرٍ الرَّقِّىُّ ثنا ابُوالْمليحِ الْحسنُ بْنُ عُمرَ عنْ زِيادِ بْنِ بيانٍ عنْ عليِّ بْنِ نُفيْلٍ عنْ سعِيدِ بْنِ الْمُسيَّبِ عنْ اُمِّ سلمةَ رضِى اللّٰهُ تعالىٰ عنْها قالتْ سمِعْتُ رسُوْلَ اللّٰهِ صلَّى اللّٰهُ عليْهِ وسلَّم يقُوْلُ الْمهْدِىُّ مِنْ

٢٧۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں مہدی کی بشارت دیتا ہوں جو میری اُمت میں اختلاف و اضطراب کے زمانہ میں بھیجا جائے گا تو وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ (اس سے پہلے) ظلم وجور سے بھری ہو گی۔ زمین اور آسمان والے اس سے خوش ہوں گے۔ وہ لوگوں کو مال یکساں طور پر دے گا (یعنی اپنے داد و دہش میں وہ کسی کا امتیاز نہیں برتے گا) اللہ تعالیٰ (اس کے دورِ خلافت میں) میری اُمت کے دلوں کو استغناء وبے نیازی سے بھر دے گا۔ (اور بغیر امتیاز و ترجیح کے) اس کا انصاف سب کو عام ہو گا وہ اپنے منادی کو حکم دے گا کہ عام اعلان کر دے کہ جسے مال کی حاجت ہو (وہ مہدی کے پاس آ

---

(١) ایضاج٤ ص٥٥٨.

(٢) وسکت عنه الذهبی مکتفیا بکلامه علی الحدیث الذی اخرجه الحاکم من طریق آخر قبل هذا الموضع بصفحة فی ج٤ص٥٥٧ ونقله الشیخ ایضا تحت رقم ٢٢ والله اعلم.

(٣) هو العلامة الإمام الحافظ نور الدین علی بن ابی بکر بن سلیمان ابو الحسن الهیثمی المصری القاهری ولد سنة ٧٣٥هـ وتوفی سنة ٨٠٧هـ له کتب وتخاریج فی الحدیث منها مجمع الزوائد ومنبع الفوائد طبع فی عشرة اجزاء قال الکتانی وهو من انفع کتب الحدیث بل لم یوجد مثله کتاب ولاصنف نظیره فی هذا الباب وللسیوطی بغیة الرائد فی الذیل علی مجمع الزوائد، لکنه لم یتم وترتیب الثقات لابن حبان، (مخطوطة) وتقریب البغیة فی ترتیب احادیث الحلیة(مخطوطه)

←

وَ سَلَّمَ غِنًى وَّ يَسَعُهُمْ عَدْلُه حَتّٰى يَأْمُرَ مُنَادِيًا فَيُنَادِيْ فَيَقُوْلُ : مَنْ لَه فِي الْمَالِ حَاجَةٌ؟ فَمَا يَقُوْمُ مِنَ النَّاسِ اِلَّا رَجُلٌ وَّاحِدٌ فَيَقُوْلُ : اَنَا فَيَقُوْلُ لَه ! اِئْتِ السَّدانَ يَعْنِي الْخَازِنَ فَقُلْ لَه اِنَّ الْمَهْدِيَّ يَأْمُرُكَ اَنْ تُعْطِيَنِيْ مَالًا فَيَقُوْلُ لَه احْثِ فَيَحْثِيْ حَتّٰى اِذَا جَعَلَه فِيْ حِجرِه وَاتَّزَرَه نَدِمَ فَيَقُوْلُ كُنْتُ اَجْشَعَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسًا اَوْعَجَزَ عَنِّيْ مَاوَسِعَهُمْ؟ قَالَ فَيَرُدُّه فَلَا يُقْبَلُ مِنْهُ فَيُقَالُ لَه اِنَّا لَانَأْخُذُ شَيْئًا اَعْطَيْنَاهُ فَيَكُوْنُ كَذَالِكَ سَبْعَ سِنِيْنَ اَوْثَمَانَ سِنِيْنَ اَوْتِسْعَ سِنِيْنَ ثُمَّ لَاخَيْرَ فِي الْعَيْشِ بَعْدَه اَوْقَالَ ثُمَّ لَا خَيْرَ فِي الْحَيَاةِ بَعْدَه

قُلْتُ رَوَاهُ التِّرْمَذِيُّ وَ غَيْرُه بِاخْتِصَارٍ كَثِيْرٍ وَرَوَاهُ اَحْمَدُ بِاَسَانِيْدِه وَ اَبُوْ يَعْلٰى بِاخْتِصَارٍ كَثِيْرٍ وَرِجَالُهُمَا ثِقَاتٌ(۱)

جائے اس اعلان پر) مسلمانوں کی جماعت میں سے بجز ایک شخص کے کوئی بھی نہیں کھڑا ہوگا۔ مہدی اس سے کہے گا ، خازن کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ مہدی نے مجھے مال دینے کا تمہیں حکم دیا ہے (یہ شخص خازن کے پاس پہنچے گا) تو خازن اس سے کہے گا اپنے دامن میں بھرلے چنانچہ وہ (حسب خواہش) دامن میں بھرلے گا اور خزانے سے باہر لائے گا تو اسے (اپنے اس عمل پر) ندامت ہوگی اور (اپنے دل میں کہے گا کیا) اُمّت محمّدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسّلام میں سب سے بڑھ کر لالچی اور حریص میں ہی ہوں یا یوں کہے گا۔ میرے ہی لیے وہ چیز ناکافی ہے جو دوسروں کے واسطے کافی ووافی ہے۔ (اس ندامت پر) وہ مال واپس کرنا چاہے گا۔ مگر اس سے یہ مال قبول نہیں کیا جائے گا اور کہہ دیا جائے گا کہ ہم دے دینے کے بعد واپس نہیں لیتے۔ مہدی عدل وانصاف اور داد ودہش کے ساتھ آٹھ یا نو سال زندہ رہے گا۔ اس کی وفات کے بعد زندگی میں کوئی خوبی نہیں ہوگی۔

ومجمع البحرين في زوائد المعجمين والمقصد العلي في زوائد ابي يعلى الموصلي (مخطوطة) وزوائد ابن ماجة على الكتب الخمسة(مخطوطه) وموارد الظمآن الى زوائد ابن حبان وغاية المقصد في زوائد احمد، والبحر الزخار في زوائد مسند البزار، والبدر المنير في زوائد المعجم الكبير، وبغية الباحث عن زوائد مسند الحارث، الاعلام للزركلي ج٤ ص ٢٦٦ والرسالة المستطرفة للكتاني ص ١٤٠-١٤١.

(۱) مجمع الزوائد ج۷ص۳۱۳.

(۲۸) وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَكُوْنُ اخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيْفَةٍ فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ فَيَأْتِيْ مَكَّةَ فَيَسْتَخْرِجُهُ النَّاسُ مِنْ بَيْتِهِ وَهُوَ كَارِهٌ فَيُبَايِعُوْهُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ فَيَتَجَهَّزُ إِلَيْهِ جَيْشٌ مِنَ الشَّامِ حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ فَيَأْتِيْهِ عَصَائِبُ الْعِرَاقِ وَأَبْدَالُ الشَّامِ وَيَنْشَؤُ رَجُلٌ بِالشَّامِ وَأَخْوَالُهُ مِنْ كَلْبٍ فَيُجَهِّزُ إِلَيْهِ جَيْشٌ فَيَهْزِمُهُمُ اللّٰهُ فَتَكُوْنُ الدَّائِرَةُ عَلَيْهِمْ فَذَالِكَ يَوْمُ كَلْبٍ اَلْخَائِبُ مَنْ خَابَ مِنْ غَنِيْمَةِ كَلْبٍ فَيَفْتَحُ الْكُنُوْزَ وَيَقْسِمُ الْأَمْوَالَ وَيُلْقِي الْإِسْلَامُ بِجِرَانِهِ إِلَى الْأَرْضِ فَيَعِيْشُوْنَ بِذَالِكَ سَبْعَ سِنِيْنَ أَوْ قَالَ تِسْعَ رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ فِي الْأَوْسَطِ وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ (۱)

۲۸- حضرت ام المؤمنین امّ سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ خلیفہ کی وفات پر اختلاف ہوگا۔ (یعنی اس کی جگہ دوسرے خلیفہ کے انتخاب پر۔ یہ صورتِ حال دیکھ کر) خاندانِ بنی ہاشم کا ایک شخص (اس خیال سے کہیں لوگ میرے اُوپر بارِ خلافت نہ ڈال دیں) مدینہ سے مکّہ چلا جائے گا۔ (کچھ لوگ اسے پہچان کر کہ یہی مہدی ہیں) اسے گھر سے نکال کر باہر لائیں گے اور حجرِ اسود و مقامِ ابراہیم کے درمیان زبردستی اسکے ہاتھ پر بیعتِ خلافت کریں گے (اس کی بیعتِ خلافت کی خبر سن کر ایک لشکر مقابلہ کے لیے) شام سے اس کی سمت روانہ ہوگا۔ یہاں تک کہ جب مقامِ بیداء (مکّہ و مدینہ کے درمیانی میدان) میں پہنچے گا تو زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ اس کے بعد اس کے پاس عراق کے اولیاء۔ اور شام کے ابدال حاضر ہوں گے اور ایک شخص شام سے (سفیانی) نکلے گا جس کی ننہال قبیلۂ کلب میں ہوگی اور اپنا لشکر خلیفۂ مہدی کے مقابلہ کے لیے روانہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ سفیانی کے لشکر کو شکست دے دے گا۔ یہی کلب کی جنگ ہے۔ وہ شخص خسارہ میں رہے گا جو کلب کی غنیمت سے محروم رہا۔ پھر خلیفۂ مہدی خزانوں کو کھول دیں گے اور خوب داد و دہش کریں گے اور اسلام

---

(۱) ایضا ج ۷ ص ۳۱۵ ومکان ابن القیم فی المنار المنیف ص ۱٤٤ وقال رواه الإمام احمد باللفظین و رواه ابو داؤد من وجه آخر عن قتادة عن ابی الخلیل عن عبد الله بن الحارث عن ام سلمة نحوه (وقد مر تحت رقم ۱۱) و رواه ابو یعلی الموصلی فی مسنده من حدیث قتادة عن صالح ابی الخلیل عن صاحب له وربما قال صالح عن مجاهد عن ام سلمة والحدیث حسن ومثله مما یجوز ان یقال فیه صحیح.

(۲۹) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ ذَکَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَهْدِیَّ قَالَ اِنْ قَصُرَ فَسَبْعٌ وَاِلَّا فَثَمَانٌ وَاِلَّا فَتِسْعٌ وَلَیَمْلَأَنَّ الْاَرْضَ قِسْطًا کَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّ جَوْرًا رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَرِجَالُهٗ ثِقَاتٌ وَفِیْ بَعْضِهِمْ بَعْضُ ضُعْفٍ (۱)

(۳۰) وَعَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ خَلِیْفَةٌ یَحْثِی الْمَالَ فِی النَّاسِ حَثْیًا لَا یَعُدُّهٗ عَدًّا ثُمَّ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَیَعُوْدَنَّ رَوَاهُ الْبَزَّارُ وَ رِجَالُهٗ رِجَالُ الصَّحِیْحِ (۲)

(۳۱) وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِی الْمَهْدِیُّ اِنْ قَصُرَ فَسَبْعٌ وَاِلَّا فَثَمَانٌ وَاِلَّا فَتِسْعٌ تَنْعَمُ اُمَّتِیْ فِیْهَا نِعْمَةً لَمْ یَنْعَمُوا مِثْلَهَا

پورے طور پر دُنیا میں تمام ہو جاتے گا۔ لوگ اسی (عیش و راحت کے ساتھ) سات یا نو سال رہیں گے، (یعنی جب تک خلیفہ مہدی حیات رہیں گے لوگوں میں فارغ البالی اور چین و سکون رہے گا۔ مجمع الزوائد ج ۷ ص ۳۱۵)

۲۹۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہدی کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا اگر ان کی مدّتِ خلافت کم ہوئی تو سات برس ہوگی ورنہ آٹھ یا نو سال ہوگی وہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے۔ جس طرح اس سے پہلے ظلم و جور سے بھری ہوگی۔ (مجمع الزوائد ج ۷ ص ۳۱۷)

۳۰۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میری اُمّت میں ایک خلیفہ ہوگا۔ جو لوگوں کو مال لپ بھر بھر تقسیم کرے گا شمار نہیں کرے گا۔ (یعنی سخاوت اور دریا دلی کی بنا پر بغیر گنے کثرت سے لوگوں میں عطا یا تقسیم کرے گا) اور قسم ہے اس ذاتِ پاک کی جس کی قدرت میں میری جان ہے، البتہ ضرور لوٹے گا (یعنی امرِ اسلام مضمحل ہو جانے کے بعد ان کے زمانہ میں پھر سے فروغ حاصل کرے گا۔) (مجمع الزوائد ج ۷، ص ۳۱۷)

۳۱۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اُمّت میں ایک مہدی ہوگا (اس کی مدّتِ خلافت) اگر کم ہوئی تو سات یا آٹھ یا نو سال ہوگی۔ میری اُمّت اس کے زمانہ میں اس قدر خوشحال ہوگی کہ اتنی خوشحالی اسے کبھی نہ ملی ہوگی۔ آسمان سے (حسبِ ضرورت

---

(۱) ایضاً ج ۷ ص ۳۱۷.

(۲) ایضاً ج ۷ ص ۳۱۷.

يُرْسِلُ السَّمَاءَ عَلَيْهِمْ مِدْرَارًا وَلَا يَدَّخِرُ الْاَرْضُ شَيْئًا مِنَ النَّبَاتِ وَالْمَالِ كُدُوسٌ يَقُوْمُ الرَّجُلُ يَقُوْلُ يَامَهْدِيُّ اَعْطِنِيْ فَيَقُوْلُ خُذْهُ، رَوَاهُ الطَّبْرَانِيُّ فِي الْاَوْسَطِ وَرِجَالُه ثِقَاتٌ(١)

قَالَ الْاِمَامُ الْحَافِظُ الْحُجَّةُ اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى(٢)

(٣٢) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ(٣) وَ اَبُوْ دَاودَ(۴) عَنْ يَاسِيْنَ(۵) الْعِجْلِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ(٦) بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ اَبِيْهِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَهْدِيُّ مِنَّا اَهْلَ الْبَيْتِ يُصْلِحُهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ لَيْلَةٍ(٧)

(٣٣) حَدَّ ثَنَا وَكِيْعٌ(٨) عَنْ يَاسِيْنَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِثْلَه، وَلَمْ يَرْفَعْهُ(٩)

موسلادھار بارش ہوگی اور زمین اپنی تمام پیدا وار کو اُگا دے گی۔ ایک شخص کھڑا ہو کر مال کا سوال کرے گا تو مہدی کہیں گے (اپنی حسب خواہش خزانہ میں جاکر) خود لے لو۔ (مجمع الزوائد ج ۷ص ۳۱۷)

و۳۲،۳۳۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً و موقوفاً مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہدی میرے اہلِ بیت سے ہونگا۔ اللہ تعالیٰ اسے ایک ہی رات میں صالح بنا دے گا (یعنی اپنی توفیق وہدایت سے ایک ہی شب میں ولایت کے اس بلند مقام پر پہنچا دے گا جہاں وہ پہلے نہیں تھے۔)

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۵ ص ۱۹۷)

---

(١) ايضا ج ٧ ص ٣١٧

(٢) الامام ابوبكر عبد الله بن محمد بن ابى شيبة العبسى مولاهم الكوفى ولد سنة ١٥٩ وتوفى سنة ٢٣٥هـ حافظ للحديث له فيه كتب منها المسند والمصنف جمع فيه الاحاديث على طريقة المحدثين بالاسانيد وفتاوى التابعين واقوال الصحابة مرتبا على الكتب والابواب على ترتيب الفقه وهو اكبر من مصنف عبد الرزاق بن همام رقبة(الاعلام للزركلي ج ٤ ص ١١٧ و ١١٨ والمستطرفة للكتانى ص ٣٦).

(٣) الفضل بن دكين وهو لقب واسمه عمرو بن حماد بن زهير بن درهم التيمى مولى آل طلحة ابو نعيم الملائى الكوفى الاحول روى عنه البخارى فاكثر قال احمد ابو نعيم صدوق ثقة موضع للحجة فى الحديث وقال ابن سعد وكان ثقة مامونا كثير الحديث حجة الخ (تهذيب التهذيب ج٨ ص٢٤٣-٢٤٨).

(٤) عمر بن سعد بن عبيد ابو داود الحضرى الكوفى وحضر موضع بالكوفة قال ابن معين ثقة، وقال ابو حاتم صدوق كان رجلا صالحا وقال الآجرى عن ابى داود كان جليلا جدا وقال ابن سعد كان ناسكا زاهدا له فضل وتواضع الخ تهذيب التهذيب ج٧ص٣٩٧-٣٩٨.

←----

أَقُوْلُ اِنَّ الْفَضْلَ بْنَ دُكَيْنٍ وَاَبَادَاوِدَ اَعْنِي الْحِضْرِيَّ الْكُوْفِيَّ وَوَكِيْعًا مِنَ الْاَئِمَّةِ الْمَعْرُوْفِيْنَ اَخْرَجَ لَهُمُ السِّتَّةُ اِلَّا اَبَادَاوِدَ الْحِضْرِيَّ فَلَمْ يُخْرِجْ اِلَّا مُسْلِمٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَالْاَرْبَعَةُ وَاَمَّا يَاسِيْنُ فَهُوَابْنُ شَيْبَانَ وَيُقَالُ ابْنُ سِنَانَ الْكُوْفِيُّ قَالَ الدُّوْرِيُّ عَنِ ابْنِ مَعِيْنٍ لَيْسَ بِهٖ بَأْسٌ، وَقَالَ اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنِ ابْنِ مَعِيْنٍ صَالِحٌ وَقَالَ اَبُوْزُرْعَةَ لَا بَأْسَ بِهٖ وَقَالَ الْبُخَارِيُّ فِيْهِ نَظَرٌ وَلَا اَعْلَمُ حَدِيْثًا غَيْرَ هٰذَا وَقَالَ يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ رَأَيْتُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيَّ يَسْأَلُ يَاسِيْنَ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ قَالَ ابْنُ عَدِيٍّ وَ هُوَ مَعْرُوْفٌ بِهٖ وَوَقَعَ فِيْ سُنَنِ ابْنِ مَاجَةَ عَنْ يَاسِيْنَ غَيْرُ مَنْسُوْبٍ فَظَنَّهُ بَعْضُ الْحُفَّاظِ الْمُتَأَخِّرِيْنَ يَاسِيْنَ بْنَ مُعَاذٍ الزَّيَّاتَ فَضَعَّفَ الْحَدِيْثَ بِهٖ فَلَمْ يَصْنَعْ شَيْئًا الخ مِنْ تَهْذِيْبِ التَّهْذِيْبِ وَاَمَّا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ فَذَكَرَهُ ابْنُ حِبَّانَ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الثِّقَاتِ وَقَالَ الْعِجْلِيُّ ثِقَةٌ اَخْرَجَ لَهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَالنَّسَائِيُّ فِيْ مُسْنَدِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الخ وَالْحَاصِلُ اَنَّ الرِّوَايَةَ رِجَالُهَا ثِقَاتٌ وَ تَبَيَّنَ مِنْ كَلَامِ الْحَافِظِ ابْنِ حَجَرٍ الْعَسْقَلَانِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَّ تَضْعِيْفَ مَنْ ضَعَّفَ الْحَدِيْثَ اِنَّمَا كَانَ نَاشِئًا بِظَنِّهِ الْفَاسِدِ وَلِاَجْلِ هٰذَا صَرَّحَ فِي التَّقْرِيْبِ اَيْضًا، نَعَمْ لَوْكَانَ الْمُرَادُ يَاسِيْنَ الزَّيَّاتَ لَكَانَتِ الرِّوَايَةُ ضَعِيْفَةً وَقَدْنَصَّ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ عَلٰى اَنَّهُ الْعِجْلِيُّ فَالْحَدِيْثُ لَا غُبَارَ عَلَيْهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ -

---

(٥) ياسين بن شيبان ويقال ابن سنان العجلي الكوفي - تهذيب التهذيب ج١١ ص١٥٢ وقال الحافظ ايضا في التقريب ياسين بن شيبان وابن سنان العجلي الكوفي لابأس به من السابعة ووهم من زعم انه ابن معاذ الزيات-ص٢٧٣،

(٦) ابراهيم بن محمد ابن الحنفية قال محمد بن اسحاق العجلي ثقة الخ تهذيب التهذيب ج١ ص١٣٦.

(٧) مصنف ابن ابى شيبة ج١٥ ص١٩٧ طبع الدار السلفية بمبئى الهند. تهذيب التهذيب ج ١١ ص ١٠٩-١١٤. اى يتوب عليه ويوفقه ويلهمه ويرشده بعد ان لم يكن كذلك (الفتن والملاحم ابن كثير ج ١ ص ٣١) وهذا الحديث اخرجه الحفاظ فى كتبهم منهم الحافظ ابو عبد الله محمد بن يزيد ابن ماجة فى سننه فى كتاب الفتن والحافظ ابو بكر البيهقى والامام احمد بن حنبل فى مسند على بن ابى طالب وقال الشيخ احمد شاكر اسناده صحيح .

(٨) وكيع بن الجراح بن مليح الرؤاسى ابو سفيان الكوفى الحافظ قال الامام احمد بن حنبل ما رأيت اوعى للعلم من وكيع ولا احفظ منه وقال نوح بن حبيب القومسى رأيت الثورى ومعمرا ومالكا فما رأت عيناى مثل وكيع الخ تهذيب التهذيب ج ١١ ص ١٠٩ - ١١٤.

(٩) مصنف ابن ابى شيبة ج١٥ص ١٩٧، طبع الدار السلفية، بمبئى.

(۳۴) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُکَیْنٍ ثَنَافِطْرٌ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ لَا تَذْهَبُ الدُّنْیَا حَتّٰی یَبْعَثَ اللّٰهُ رَجُلاً مِّنْ اَهْلِ بَیْتِیْ یُوَاطِیٔ اِسْمُه اِسْمِیْ وَاسْمُ اَبِیْهِ اسْمَ اَبِیْ الخ(۱)

اَقُوْلُ رِجَالُ هٰذَا السَّنَدِ کُلُّهُمْ رِجَالُ الصِّحَاحِ السِّتَّةِ غَیْرُ فِطْرٍ فَاِنَّه لَمْ یَرْوِ عَنْهُ مُسْلِمٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَاَمَّا الْبُخَارِیُّ وَ الْاَرْبَعَةُ فَقَدْ اَخْرَجُوْا لَه وَثَّقَه اَحْمَدُ وَ ابْنُ مَعِیْنٍ وَالْعِجْلِیُّ وَ ابْنُ سَعْدٍ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَسْتَضْعِفُه(۲)

(۳۵) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُکَیْنٍ ثَنَا فِطْرٌ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ اَبِیْ بَزَّةَ عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ لَوْلَمْ یَبْقَ مِنَ الدَّهْرِ اِلَّا یَوْمٌ لَبَعَثَ اللّٰهُ رَجُلاً مِنْ اَهْلِ بَیْتِیْ یَمْلَأُهَا عَدْلاً کَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا(۳)

اَقُوْلُ رِجَالُ هٰذَا السَّنَدِ کُلُّهُمْ رِجَالُ الصِّحَاحِ السِّتَّةِ غَیْرُ فِطْرٍ فَاِنَّه مِنْ رُوَاةِ الْبُخَارِیِّ وَالْاَرْبَعَةِ خَلَا مُسْلِمٍ کَمَا مَرَّ.

۳۴۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دنیا ختم نہ ہوگی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص (مراد مہدی ہیں) بھیجے گا جس کا نام میرے نام کے اور اُس کے والد کا نام میرے والد کے نام کے مطابق ہوگا۔ (یعنی اس کا نام بھی محمد بن عبداللہ ہوگا۔) (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۵ ص ۱۹۷)

۳۵۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا اگر دنیا کا صرف ایک دن باقی رہ جائے گا (تو اللہ تعالیٰ اسی کو طویل اور دراز کر دے گا اور) میرے اہل بیت میں سے ایک شخص (مہدی) کو پیدا کریگا جو دنیا کو عدل وانصاف سے بھردے گا جس طرح وہ (اس سے پہلے) ظلم سے بھری ہوگی۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۵ ص ۱۹۸)

---

(۱) مصنف ابن ابی شیبة ج۱۵ ص۱۹۸.

(۲) فطر بن خلیفة القرشی المخزومی مولاهم ابو بکر الخیاط الکوفی قال الامام احمد بن حنبل ثقة صالح الحدیث وقال احمد کان عند یحیی بن سعید ثقة قال ابن ابی خیثمة عن ابن معین ثقة وقال العجلی کوفی ثقة حسن الحدیث وکان فیه تشیع قلیل وقال ابو حاتم صالح الحدیث وقال ابو داؤد عن احمد بن یونس کنا نمر علی فطر وهو مطروح لا نکتب عنه وقال النسائی لا بأس به وقال فی موضع آخر ثقة حافظ کیس وقال ابن سعد کان ثقة انشاء الله ومن الناس من یستضعفه وقال

←

(۳۶) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ ثَنَا مُوسَى الْجُهَنِيُّ ثَنِى عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ الْمَاصِرُ ثَنِيْ مُجَاهِدٌ ثَنِى فُلَانٌ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنَّ الْمَهْدِيَّ لَا يَخْرُجُ حَتَّى يُقْتَلَ النَّفْسُ الزَّكِيَّةُ فَاِذَا قُتِلَتِ النَّفْسُ الزَّكِيَّةُ غَضِبَ عَلَيْهِمْ مَنْ فِى السَّمَاءِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ فَاَتَى النَّاسُ الْمَهْدِيَّ فَزَفُّوْهُ كَمَا تُزَفُّ الْعَرُوْسُ اِلَى زَوْجِهَا لَيْلَةَ عِرْسِهَا وَهُوَ يَمْلَاءُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا وَّ يُخْرِجُ الْاَرْضُ نَبَاتَهَا وَ تُمْطِرُ السَّمَاءُ مَطَرَهَا وَتَنْعَمُ اُمَّتِىْ فِىْ وِلَايَتِهٖ نِعْمَةً لَّمْ تَنْعَمْهَا قَطُّ(۱)

اَقُوْلُ اَمَّا عَبْدُ اللّٰهِ(۲) بْنُ نُمَيْرٍ فَهُوَالْهَمْدَانِيُّ الْخَارِبِيُّ الْكُوْفِيُّ اَخْرَجَ لَهُ السِّتَّةُ وَاَمَّا مُوسى(۳) الْجُهَنِيُّ فَهُوَ مُوسَى بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَوابْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْجُهَنِيُّ الْكُوْفِيُّ وَثَّقَهُ اَحْمَدُ وَابْنُ مَعِيْنٍ

۳۶۔ امام مجاہد (مشہور تابعی) ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے کہا "نفسِ زکیہ" کے قتل کے بعد ہی خلیفہ مہدی کا ظہور ہوگا۔ جس وقت نفسِ زکیہ قتل کر دیے جائیں گے تو زمین و آسمان والے ان قاتلین پر غضب ناک ہوں گے۔ بعد ازاں لوگ مہدی کے پاس آئیں گے اور انھیں دلہن کی طرح آراستہ و پیراستہ کریں گے اور میری زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے۔ (ان کے زمانۂ خلافت میں) زمین اپنی پیداوار کو اگا دے گی اور آسمان خوب برسے گا اور اُن کے دورِ خلافت میں اُمت اس قدر خوش حال ہوگی کہ ایسی خوش حالی اسے کبھی نہ ملی ہوگی۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۵ ص ۱۹۸)

ضروری تنبیہ ایک نفسِ زکیہ محمد بن عبداللہ بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم ہیں جنھوں نے خلیفہ منصور عباسی کے خلاف ۱۴۵ھ میں خروج کیا تھا اور شہید ہوتے تھے۔ حدیثِ بالا میں مشہور "نفسِ زکیہ" سے مُراد یہ نہیں ہیں بلکہ یہ ایک دوسرے بزرگ ہیں جو آخر زمانہ میں ہوں گے اور ان کی شہادت کے فوراً بعد مہدی کا ظہور ہوگا۔ شیخ محمد بن عبدالرسول البرزنجی نے اپنی مشہور تالیف "الاشاعۃ لاشراط الساعۃ" میں یہ بات بصراحت تحریر کی ہے۔

<--

الساجي صدوق . و قال الساجي أيضا وكان يقدم عليا على عثمان وكان احمد بن حنبل يقول هو خشبي (اى من الخشبية فرقة من الجهمية) وقال الدار قطني فطر زائغ ولم يحتج به البخاري الخ تهذيب التهذيب ج۸ ص ۲۷۰ - ۲۷۱.

(۲) مصنف ابن ابي شيبة ج۱۵ ص ۱۹۸.

(۱) مصنف ابن ابي شيبة ج ۱۵ص ۱۹۹ هو من كلام الصاحبي ولكن له حكم المرفوع لانه لا يعلم من قبل الرأي.

<--

وَالنَّسَائِیُّ وَقَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ لَابَأْسَ بِهٖ ثِقَةٌ صَالِحٌ اَخْرَجَ لَهٗ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَة وَاَمَّا عُمَرُ(۱) بْنُ قَیْسٍ اَلْمَاصِرُ فَهُوَالْكُوْفِیُّ وَثَّقَهُ ابْنُ مَعِیْنٍ وَاَبُوْ حَاتِمٍ وَاَبُوْدَاوٗدَ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی اَخْرَجَ لَهٗ اَبُوْدَاوٗدَ وَ الْبُخَارِیُّ فِی الْاَدَبِ الْمُفْرَدِ ذَكَرَهُ ابْنُ حِبَّانَ فِی الثِّقَاتِ وَذَكَرَهُ ابْنُ شَاهِیْنَ فِی الثِّقَاتِ قَالَ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ یَعْنِیْ اَلْمِصْرِیُّ عُمَرُ بْنُ قَیْسٍ ثِقَةٌ وَاَمَّا مُجَاهِدٌ(۲) فَهُوَ اِمَامٌ مَشْهُوْرٌ اَخْرَجَ لَهُ الْاَئِمَّةُ السِّتَّةُ وَغَیْرُهُمْ فَالْحَاصِلُ اَنَّ الرِّوَایَةَ صَحِیْحٌ وَرِجَالُهَا كُلُّهُمْ مُوْثَقُوْنَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

(۳۷) حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ نَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاهُرَیْرَةَ یُخْبِرُ اَبَاقَتَادَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ قَالَ یُبَایَعُ لِلرَّجُلِ بَیْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ وَلَنْ یَّسْتَحِلَّ الْبَیْتَ اِلَّا اَهْلُهٗ فَاِذَا اسْتَحَلُّوْهُ فَلَا تَسْئَلْ عَنْ هَلَكَةِ الْعَرَبِ ثُمَّ تَأْتِی الْحَبَشَةُ فَیُخَرِّبُوْنَ خَرَابًا لَایُعَمَّرُ بَعْدَهٗ اَبَدًا وَهُمُ الَّذِیْنَ یَسْتَخْرِجُوْنَ كَنْزَهٗ(۳)

اَقُوْلُ اَمَّا یَزِیْدُ(۴) بْنُ هَارُوْنَ فَهُوَالسُّلَمِیُّ اَبُوْخَالِدِنِ الْوَاسِطِیُّ اَحَدُالْاَعْلَامِ الْحُفَّاظِ الْمَشَاهِیْرِ رَوٰی عَنْهُ السِّتَّةُ قَالَ اَحْمَدُ كَانَ حَافِظًا مُتْقِنًا وَقَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ اِمَامٌ لَایُسْئَلُ عَنْ مِثْلِهٖ وَاَمَّا ابْنُ اَبِیْ

۳۷۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "ایک شخص (یعنی مہدی) سے حجرِ اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان بیعت کی جائے گی اور کعبہ کی حرمت و عظمت اس کے اہل ہی پامال کریں گے اور جب اس کی حرمت پامال کردی جائے گی تو پھر عرب کی تباہی کا حال مت پوچھو (یعنی ان پر اس قدر تباہی آئے گی جو بیان سے باہر ہے) پھر حبشی چڑھائی کردیں گے اور مکہ معظمہ کو بالکل ویران کردیں گے اور یہی کعبہ کے (مدفون) خزانہ کو نکالیں گے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۵ ص ۱۹۹)

---

(۲) عبد الله بن نمير الهمدانى الخارنى ابو هشام الكوفى ثقة صاحب حديث من اهل السنة من كبار التاسعة الخ (تقريب ص ١٤٤ وخلاصة التذهيب ص ٢١٧ وقال العجلى ثقة صالح الحديث صاحب سنة وقال ابن سعد كان ثقة كثير الحديث صدوق تهذيب التهذيب ج٤ ص٥٢-٥٣.

(۳)موسى الجهنى فهو موسى بن عبد الله ويقال ابن عبد الرحمن الجهنى ابو سلمة الكوفى ثقة عابد، لم يصح ان القطان طعن فيه (التقريب ص٢٥٧) ووثقه القطان وقال العجلى ثقة فى عداد الشيوخ وقال ابوزرعة صالح وذكره ابن حبان فى الثقات وقال ابن سعد كان ثقة قليل الحديث (تهذيب التهذيب ج١٠ ص٣١٦).

(۱)عمر بن قيس الماصر بن ابى مسلم الكوفى ابو الصباح مولى ثقيف قال ابن معين وابو حاتم ثقة وقال الآجرى سئل ابو داؤد عن عمر بن قيس فقال من الثقات وابوه اشهر واوثق وذكره ابن حبان

ذئب(۱) فهو مُحَمَّدُ بْنُ عبد الرَّحْمٰن بْنِ الْمُغيرةِ بْنِ الْحَارِثِ بْن ابی ذئب الْقُرَشِیُّ الْعامریُّ مِنْ أَئِمَّة الْمدنیّ احدُ الْاعْلام اخرج لهُ السِّتَّةُ قال احْمَدُ يشْبهُ بابْنِ الْمُسَيّب وهو اَصْلحُ و اورَعُ واقْومُ بالْحق مِنْ مَالِكِ وامّا سعيْدُ بْنُ سمان(۲) فهُوَالْانصاریُّ الزُّرقِیُّ اخرج له ابُوداود والتِّرْمذیُّ والنَّسائِیُّ والْبُخاریُّ فِیْ جُزءِ الْقِرءةِ و قال النَّسائِیُّ ثِقَةٌ وذكرهُ ابْنُ حبّان فی الثِّقاتِ وقال الْبرْقانِیُّ عَنِ الدَّارقُطنِیِّ ثِقَةٌ وَقالَ الْحَاكِمُ تابعیٌّ معْرُوْفٌ وقالَ الْازْدیُّ ضعِيْفٌ الخ

وَهذَا مَاوَجَدْنَاهُ بِخطِّ الشَّيْخِ الْمَدنِیِّ قُدِّسَ سِرُّہٗ وَقد اطَّلَعْتُ عَلٰی طَائِفَةٍ مِّنَ الْاَحَادِيْثِ الصَّحِيْحَةِ الْوَارِدَةِ فِیْ ذِكْرِ الْمَهْدِیِّ فَاوْرَدْتُّهَاتتمّةً وتعْميمًا لِلْفائدةِ وَاِلَيْكُمْ تِلْكَ الْاَحادِيْثَ ۔

تشریح مشکوٰۃ میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک اہلِ حبشہ تم سے جنگ نہ کریں تم بھی ان سے نہ لڑو کیونکہ خانہ کعبہ کا خزانہ دو چھوٹی پنڈلیوں والا نکالے گا۔ اس مضمون کی دیگر صحیح حدیثیں بھی موجود ہیں۔ حضرت شاہ رفیع الدین دہلوی قدس سرہٗ اپنے رسالہ "قیامت نامہ" میں لکھتے ہیں کہ جب سارے ایمان دار جہان سے اٹھ جائیں گے، تو حبشیوں کی چڑھائی ہوگی اور ان کی سلطنت ساری روئے زمین پر پھیل جائے گی۔ وہ کعبہ کو ڈھا ڈالیں گے اور حج موقوف ہوجائے گا

(ترجمہ قیامت نامہ ص ۲۲ از مولانا محمد ابراہیم دانا پوریؒ)

في الثقات وذكره ابن شاهين في الثقات (تهذيب التهذيب ج۷ ص ۴۳۰ - ۴۳۱).
(۲) اما مجاهد، فهو مجاهد بن جبر امام مشهور من كبار التابعين قال الذهبي اجمعت الامة على امامة مجاهد والاحتجاج به(تهذيب التهذيب ج۱۰ص ۳۸ - ۴۰)
(۳) مصنف ابن ابي شيبة ج ۱۵ ص ۵۳.
(۴) يزيدبن هارون بن وادی ويقال زاذان بن ثابت السلمي مولاهم ابو خالد الواسطي احد الاعلام الحفاظ المشاهير قيل اصله من بخاری قال احمد كان حافظا للحديث وقال ابن المديني ما رأيت احفظ منه وقال ابن معين ثقة وقال العجلي ثقة ثبت وقال ابو حاتم ثقة امام صدوق لا يسأل عن مثله(تهذيب التهذيب ج۱۱ ص ۳۲۱- ۳۲۳)
(۱) ابن ابي ذئب فهو محمد بن عبد الرحمن بن المغيرة بن الحارث بن ابي ذئب القرشي العامري وابو الحارث المدني قال احمد صدوق افضل من مالك الا ان مالكا اشد تنقية للرجال منه وقال ابن معين ابن ابي ذئب ثقة وكل من روى عنه ابن ابي ذئب ثقة الا ابا جابر البياضي وكل من روى عنه مالك ثقة الا عبدالكريم ابا امية وقال ابن حبان في الثقات كان من فقهاء اهل المدينة وعبادهم وكان اقول اهل زمانه للحق (تهذيب التهذيب ج۹ ص ۲۷۰- ۲۷۱).
(۲) سعيد بن سمعان الانصاري الزرقي مولاهم المدني (تهذيب التهذيب ج۴ ص ۴۰ وقال الحافظ في التقريب سعيد بن سمعان الانصاري الزرقي مولاهم المدني ثقة لم يصب الازدي في تضعيفه من الثالثة.(۲۳۸ طبع في بيروت ۱۴۰۸ هـ).

اَلذَّیلُ وَالاِستِدرَاکُ

(۱)　عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَیْفَ اَنْتُمْ اِذَانَزَلَ ابْنُ مَرْیَمَ فِیْکُمْ وَاِمَامُکُمْ مِنْکُمْ(۱) رَوَاهُ الْاِمَامُ الْبُخَارِیُّ فِیْ صَحِیْحِه فِیْ کِتَابِ الْاَنْبِیَاءِ، بَابُ نُزُوْلِ عِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ. (ج ۱، ص ۴۹۰)

(۲)　وَعَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِیْ یُقَاتِلُوْنَ عَلَی الْحَقِّ ظَاهِرِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

۱:　حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگوں کا (اس وقت خوشی سے) کیا حال ہوگا۔ جب تم میں عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام (آسمان سے) اتریں گے اور تمہارا امام تمہیں میں سے ہوگا۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۹۰)

۲:　حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں سے ایک جماعت قیامِ حق کے لیے کامیاب جنگ قیامت تک کرتی رہے گی۔ حضرت جابر رضؓ کہتے ہیں ان مبارک کلمات کے بعد آپؐ نے فرمایا آخر میں عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام آسمان سے اتریں گے تو مسلمانوں کا امیر ان سے عرض کرے گا تشریف لائیے ہمیں نماز پڑھایئے (اس کے جواب میں) عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے (اس وقت) امامت نہیں کروں گا۔ تمہارا بعض بعض پر امیر ہے (یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس وقت امامت سے انکار فرمادیں گے) اس فضیلت و بزرگی کی بناء پر جو اللہ تعالیٰ نے اس امت کو عطا کی ہے۔　(صحیح مسلم ج ۱ ص ۸۷)

(۱) "امامکم منکم" معناه یصلی (أی عیسی علیه السلام) معکم بالجماعة والامام من هذه الامة (عمدة القاری ج۱۶ اص ۴۰) وقال ملا علی القاری والحاصل ان امامکم واحد منکم دون عیسی علیه السلام(مرقاة شرح المشکوة ج ۵ص ۲۲۲) وقال الحافظ ابن حجر قال ابو الحسین الخسعمی الأبری فی مناقب الشافعی تواترت الاخبار بان المهدی من هذه الامة وان عیسی علیه السلام یصلی خلفه(فتح الباری ج٦ص ۴۹۳).

قَالَ وَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقُوْلُ اَمِيْرُهُمْ تَعَالَ صَلِّ لَنَا فَيَقُوْلُ لَا، اِنَّ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ اُمَرَاءُ تَكْرِمَةَ اللّٰهِ هٰذِهِ الْاُمَّةَ (اَخْرَجَهُ الْاِمَامُ مُسْلِمٌ فِيْ صَحِيْحِهِ ج ۱ ص ۸۷)

(۳) وَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِيْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِالْكَرِيْمِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَقِيْلٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقُوْلُ اَمِيْرُهُمُ الْمَهْدِيُّ تَعَالَ صَلِّ لَنَا، اَلْحَدِيْثُ ذَكَرَهُ الشَّيْخُ ابْنُ الْقَيِّمِ فِي الْمَنَارِ الْمُنِيْفِ(۱۴۷) وَعَزَاهُ لِلْحَافِظِ ابْنِ اَبِيْ اُسَامَةَ فِيْ مُسْنَدِهٖ وَقَالَ وَ هٰذَا اِسْنَادٌ جَيِّدٌ.

اَقُوْلُ اَلْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ هُوَالْاِمَامُ الْحَافِظُ اَبُوْ مُحَمَّدِنِ الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبِيْ اُسَامَةَ التَّمِيْمِيُّ الْبَغْدَادِيُّ صَاحِبُ الْمُسْنَدِ (اَلْمُتَوَفّٰى ۲۸۲ھ)(۱) وَ اَمَّا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِالْكَرِيْمِ فَهُوَ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِالْكَرِيْمِ بْنِ مَعْقِلِ بْنِ مُنَبِّهٍ اَبُوْ هِشَامٍ الصَّنْعَانِيُّ صَدُوْقٌ اَخْرَجَ لَهُ اَبُوْ دَاوٗدَ فِيْ سُنَنِهٖ وَ ابْنُ مَاجَةَ فِيْ تَفْسِيْرِهٖ(۲) وَ اَمَّا اِبْرَاهِيْمُ فَهُوَابْنُ عَقِيْلِ بْنِ مَعْقِلٍ الصَّنْعَانِيُّ صَدُوْقٌ اَخْرَجَ لَهُ اَبُوْدَاوٗدَ(۳) وَ اَمَّا عَقِيْلُ

تشریح: مطلب یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نزول کے وقت جماعت کے ساتھ نماز ادا کریں گے اور امام خود عیسیٰ علیہ السلام نہیں ہوں گے، بلکہ اُمّت کا ایک فرد یعنی خلیفہ مہدی ہوں گے چنانچہ حافظ ابن حجر بحوالہ مناقب الشافعی از امام ابوالحسین آبری لکھتے ہیں کہ اس بارے میں احادیث متواتر ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک نماز خلیفہ مہدی کی اقتداء میں ادا کریں گے۔

(فتح الباری ج ۶ ص ۳۹۳)

۳: حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام (آسمان سے) اُتریں گے تو اُمّت کا امیر مہدی ان سے عرض کرے گا آگے تشریف لائیے اور نماز پڑھائیے تو عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے تمہارا بعض بعض پر امیر ہے۔ اس فضیلت کی بناء پر جو اللہ تعالیٰ نے اس اُمّت کو مرحمت فرمائی ہے۔ (المنار المنیف ۱۴۷ بحوالہ مسند ابی اسامہ)

(۱) الرسالة المستطرفة ص ۵۶.

(۲) تقريب التهذيب ص ۸.

(۳) ايضا ص ۹۲.

فهوا بن معقل بن منبه الیمانی ابن اخ وهب بن منبۃ صدوق اخرج له ابوداود(۱) و اما وهب فهو ابن منبه بن كامل الیمانی ابوعبدالله الابناوی (بفتح الهمزة و سكون الموحدة بعده نون) ثقة اخرج له اصحاب السنۃ سوی ابن ماجة وهو اخرج له ایضا فی تفسیره(۲) فالحاصل اسناد هذا الحدیث جید كما قال الشیخ ابن قیم وقد صرح فیه وصف الامیر المذكور بانه المهدی فیكون هذا الحدیث مفسرا للمراد بهذا الحدیث الذی اورده البخاری و مسلم فتنبه.

(٤) وَعَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِیْ خِفَّةٍ مِّنَ الدِّیْنِ وَ ذَكَرَ الدَّجَّالَ ثُمَّ قَالَ ثُمَّ یَنْزِلُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَیُنَادِیْ مِنَ السَّحَرِ فَیَقُوْلُ یَا اَیُّهَاالنَّاسُ مَایَمْنَعُكُمْ اَنْ تَخْرُجُوْا اِلٰی هٰذَا الْكَذَّابِ الْخَبِیْثِ فَیَقُوْلُوْنَ هٰذَا رَجُلٌ جِنِّیٌّ فَیَنْطَلِقُوْنَ فَاِذَاهُمْ بِعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَتُقَامُ الصَّلٰوةُ فَیُقَالُ لَه تَقَدَّمْ یَارُوْحَ اللّٰهِ فَیَقُوْلُ لِیَتَقَدَّمْ اِمَامُكُمْ فَلْیُصَلِّ بِكُمْ فَاِذَا صَلَّوْا صَلٰوةَ الصُّبْحِ خَرَجُوْا اِلَیْهِ قَالَ فَحِیْنَ یَرَاهُ الْكَذَّابُ یَنْمَاثُ كَمَایَنْمَاثُ الْمِلْحُ فِی الْمَاءِ

تشریح: اس حدیث میں امام کے بارے میں تصریح آگئی کہ وہ خلیفہ مہدی ہوں گے۔ لہٰذا بخاری شریف و مسلم شریف کی مذکورہ حدیث میں بھی امام اور امیر سے مراد خلیفہ مہدی ہی ہیں۔

۴: حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دین کے کمزور ہو جانے کی حالت میں دجال نکلے گا اور دجال سے متعلق تفصیلات بیان کرنے کے بعد فرمایا بعد ازاں عیسٰی ابن مریم علیہ السلام (آسمان سے) اتریں گے اور بوقت سحر (یعنی صبح صادق سے پہلے) آواز دیں گے کہ اے مسلمانو تمہیں اس جھوٹے خبیث سے مقابلہ کرنے میں کیا چیز مانع ہے؟ تو لوگ کہیں گے کہ یہ کوئی جنات ہے۔ پھر آگے بڑھ کر دیکھیں گے تو انھیں عیسٰی علیہ السلام نظر آئیں گے۔ پھر نماز فجر کے لیے اقامت ہوگی تو ان کا امیر کہے گا اے روح اللہ امامت کے واسطے آگے تشریف لائیے حضرت عیسٰی علیہ السلام فرمائیں گے۔ تمہارا امام ہی تمہیں نماز پڑھائے۔ جب لوگ نماز سے فارغ ہو جائیں گے تو (حضرت عیسٰی علیہ السلام کی قیادت میں) دجال سے مقابلہ کے لیے نکلیں گے۔ دجال جب حضرت عیسٰی علیہ السلام کو دیکھے گا تو (مارے خوف کے) نمک کے پگھلنے کی طرح پگھلنے لگے گا۔

(۱) ایضا ص ۳۹۶.

(۲) ایضا ص ۵۸۵.

(رواه الحاكم في المستدرك وقال هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه. وقال الشيخ الذهبي في تلخيصه هو على شرط مسلم)(١) ليتقدم امامكم فليصل بكم والامام حينئذ هو المهدي كما جاء التصريح في الحديث رقم ٤٠.

(٥) وعن ابي هريرة رضى الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال تنعم امتي في زمن المهدي نعمة لم ينعموا قط ويرسل السماء عليهم مدرارا ولا تدع الارض شيئا من نباتها الا اخرجته اورده الهيثمي في مجمع الزوائد وقال اخرجه الطبراني في الاوسط ورجاله ثقات(٢).

(٦) عن ابي امامة الباهلي رضى الله عنه مرفوعا فقالت ام شريك بنت ابي العكر يا رسول الله صلى الله عليه وسلم فاين العرب يومئذ؟ قال هم يومئذ قليل وجلهم

۵: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہدی کے زمانے میں میری اُمت اس قدر خوشحال ہوگی کہ ایسی خوشحالی اسے کبھی نہ ملی ہوگی۔ آسمان سے (حسب ضرورت) بارش ہوگی اور زمین اپنی تمام پیداوار اگا دے گی۔ (مجمع الزوائد ج ۷، ص ۳۱۷)

۶: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک طویل حدیث روایت کرتے ہیں جس میں ہے کہ ایک صحابیہ ام شریک بنت ابی العکر رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرب اس وقت کہاں ہوں گے۔ (مطلب یہ ہے کہ اہلِ عرب دین کی حمایت میں مقابلے کے لیے کیوں سامنے نہیں آئیں گے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ عرب اس وقت کم ہوں گے اور ان میں بھی اکثر بیت المقدس (یعنی شام) میں ہوں گے اور ان کا امام وامیر ایک رجلِ صالح (مہدی) ہوگا۔ جس وقت ان کا امام نمازِ فجر کے لیے آگے بڑھے گا۔ اچانک عیسیٰ ابنِ مریم علیہ السلام اسی وقت (آسمان سے) اُتریں گے۔ امام پیچھے ہٹے گا تاکہ عیسیٰ علیہ السلام نماز پڑھائیں۔ عیسیٰ علیہ السلام امام کے مونڈھوں کے درمیان ہاتھ رکھ کر فرمائیں گے آگے بڑھو اور نماز پڑھاؤ کیونکہ تمہارے ہی لیے اقامت کہی گئی ہے تو امام لوگوں کو نماز پڑھائے گا۔ (سنن ابن ماجہ ۳۰۷، ۳۰۸)

(١) المستدرك ج٤ ص ٥٣٠.

(٢) مجمع الزوائد ج٧ ص ٣١٧.

بَيْتِ الْمَقْدِسِ وَ اِمَامُهُمْ رَجُلٌ صَالِحٌ قَدْتَقَدَّمَ يُصَلِّيْ بِهِمُ الصُّبْحَ اِذْنَزَلَ عَلَيْهِمُ ابْنُ مَرْيَمَ الصُّبْحَ فَرَجَعَ ذٰلِكَ الْاِمَامُ يَنْكُصُ يَمْشِي الْقَهْقَرٰى لِيَتَقَدَّمَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ فَيَضَعُ عِيْسٰى يَدَه بَيْنَ كَتِفَيْهِ ثُمَّ يَقُوْلُ لَه تَقَدَّمْ فَصَلِّ فَاِنَّهَالَكَ اُقِيْمَتْ فَيُصَلِّيْ بِهِمْ اِمَامُهُمْ اَلْحَدِيْثُ.

رَوَاهُ الْحَافِظُ ابْنُ مَاجَةَ الْقَزْوِيْنِيُّ وَ ذَكَرَهُ الْمُحَدِّثُ الْكَشْمِيْرِيُّ فِيْ كِتَابِهِ التَّصْرِيْحِ ص ۱۴۲ وَ عَزَاهُ اِلَى ابْنِ مَاجَةَ(۱) وَ قَالَ اِسْنَادُه قَوِيٌّ وَاَمَّا فِي الْحَدِيْثِ وَ اِمَامُهُمْ رَجُلٌ صَالِحٌ. فَالْمُرَادُ بِهِ الْمَهْدِيُّ كَمَاجَاءَ التَّصْرِيْحُ بِه فِي الْحَدِيْثِ الَّذِيْ مَرَّسَابِقًا تَحْتَ رَقْمِ(۱۱).

(۷) وَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَرْفُوْعًا وَيَنْزِلُ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ فَيَقُوْلُ لَه اَمِيْرُهُمْ يَارُوْحَ اللّٰهِ تَقَدَّمْ صَلِّ فَيَقُوْلُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ اُمَرَاءُ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ فَيَتَقَدَّمُ اَمِيْرُهُمْ فَيُصَلِّيْ، اَلْحَدِيْثُ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَصَحَّحَه وَاَوْرَدَهُ الشَّيْخُ الْهَيْثَمِيُّ فِيْ مَجْمَعِ الزَّوَائِدِ عَنْ اَحْمَدَ وَ الطَّبْرَانِيِّ ثُمَّ قَالَ وَفِيْهِ عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ وَفِيْهِ ضُعْفٌ وَقَدْوُثِّقَ وَ بَقِيَّةُ رِجَالِهِمَا رِجَالُ الصَّحِيْحِ (۲)

(۸) وَعَنْ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَكُوْنُ فِيْ آخِرِالزَّمَانِ فِتْنَةٌ يَحْصُلُ النَّاسُ فِيْنَا كَمَا يَحْصُلُ الذَّهَبُ فِي الْمَعْدِنِ فَلَا تَسُبُّوْا

۷ : حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "عیسٰی علیہ السّلام نمازِ فجر کے وقت (آسمان سے) اُتریں گے تو مسلمانوں کا امام ان سے عرض کرے گا۔ اے رُوح اللہ آگے تشریف لائیے، نماز پڑھائیے، تو عیسٰی علیہ السّلام فرمائیں گے۔ اس اُمّت کا بعض بعض پر امیر ہے تو مسلمانوں کا امیر آگے بڑھے گا اور نماز پڑھائے گا۔

(المستدرک ج ۴ ص ۴۷۸ و مجمع الزوائد ج ۷، ص ۳۴۲)

تشریح : عیسٰی علیہ السّلام اس دن کی نماز فجر اس وقت کے امام کی اقتداء میں ادا کریں گے۔ اس کے بعد پھر حضرت عیسٰی علیہ السّلام ہی امامت کے فرائض انجام دیں گے جیساکہ دیگر حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے۔

(۱) سنن ابن ماجه في حديث طويل ص۳۰۷، ۳۰۸.

(۲) المستدرك ج۴ ص ۴۷۸ ومجمع الزوائد ج۷ ص ۳۴۲.

اَهْلَ الشَّامِ وَلٰكِنْ سُبُّوْا شِرَارَهُمْ فَاِنَّ فِيْهِمُ الْاَبْدَالَ يُوْشِكُ اَنْ يُّرْسَلَ عَلٰى اَهْلِ الشَّامِ سَيْبٌ مِّنَ السَّمَاءِ فَيُغْرِقُ جَمَاعَتَهُمْ حَتّٰى لَوْ قَاتَلَتْهُمُ الثَّعَالِبُ غَلَبَتْهُمْ فَعِنْدَ ذٰلِكَ يَخْرُجُ خَارِجٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِيْ فِيْ ثَلٰثِ رَايَاتٍ اَلْمُكْثِرُ يَقُوْلُ لَهُمْ خَمْسَةَ عَشَرَ اَلْفًا وَالْمُقَلِّلُ يَقُوْلُ اِثْنَا عَشَرَ، اَمَارَاتُهُمْ اُمِتْ اُمِتْ يَلْقَوْنَ سَبْعَ رَايَاتٍ تَحْتَ كُلِّ رَايَةٍ رَجُلٌ يَطْلُبُ الْمُلْكَ فَيَقْتُلُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا وَيَرُدُّ اللّٰهُ اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ اُلْفَتَهُمْ وَنَعِيْمَهُمْ وَقَاصِيَهُمْ وَ دَانِيَهُمْ.

قَالَ الشَّيْخُ الْهَيْثَمِيُّ اَخْرَجَهُ الطَّبْرَانِيُّ فِي الْاَوْسَطِ وَفِيْهِ ابْنُ لَهِيْعَةَ وَ هُوَلَيِّنٌ وَبَقِيَّةُ رِجَالِهٖ ثِقَاتٌ وَرَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ وَقَالَ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَ اَقَرَّهُ الذَّهَبِيُّ وَفِيْهِ رِوَايَةٌ ثُمَّ يَظْهَرُ الْهَاشِمِيُّ فَيَرُدُّ اللّٰهُ النَّاسَ اُلْفَتَهُمْ وَلَيْسَ فِيْ هٰذَا الطَّرِيْقِ اِبْنُ لَهِيْعَةَ وَهُوَ اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ كَمَاذُكِرَ(۱).

۸ : "حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آخر زمانہ میں فتنے برپا ہوں گے۔ ان فتنوں سے لوگ اس طرح چھنٹ جائیں گے جس طرح سونا کان سے چھانٹا جاتا ہے۔ (یعنی فتنوں کی کثرت و شدت کی وجہ سے پختہ مومن ہی ایمان پر ثابت رہیں گے۔) لہٰذا تم لوگ اہلِ شام کو برا بھلا مت کہو بلکہ ان میں جو برے لوگ ہیں اُن کو برا بھلا کہو اس لیے کہ اہلِ شام میں اولیاء بھی ہیں۔ عنقریب اہلِ شام پر آسمان سے سیلاب آئے گا (یعنی آسمان سے موسلا دھار بارش ہوگی جو سیلاب کی شکل اختیار کرلے گی) جو ان کی جماعت کو غرق کردے گا۔ (اس سیلاب کی بناء پر ان کی حالت اس قدر کمزور ہو جائے گی کہ) اگر اُن پر لومڑی حملہ کردے تو وہ بھی غالب ہو جائے گی۔ اسی (انتہائی فتنہ و ضعف کے زمانہ میں) میرے اہلِ بیت سے ایک شخص (یعنی مہدی) تین جھنڈوں میں ظاہر ہوگا (یعنی ان کا لشکر تین جھنڈوں پر مشتمل ہوگا) اس کے لشکر کو زیادہ تعداد میں بتانے والے کہیں گے کہ ان کی تعداد پندرہ ہزار ہے اور کم بتانے والے اُسے بارہ ہزار بتائیں گے۔ اس لشکر کا علامتی کلمہ امت امت ہوگا۔ (یعنی جنگ کے وقت اس لشکر کے سپاہی لفظ امت امت کہیں گے تاکہ ان کے ساتھی سمجھ جائیں کہ یہ ہمارا آدمی ہے۔ عام طور پر جنگوں کے موقع پر اس طرح کے الفاظ باہم طے کرلیے جاتے تھے۔ بطورِ خاص شب خون کے

(۱) مجمع الزوائد ج۷ ص ۳۱۷ و المستدرک ج۴ ص۵۵۳.

(۹) وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ الْمَهْدِيَّ فَقَالَ هُوَ حَقٌّ وَهُوَ مِنْ بَنِيْ فَاطِمَةَ.

رَوَاهُ الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ مِنْ طَرِيْقِ عَلِيِّ بْنِ نُفَيْلٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ وَسَكَتَ وَأَيْضًا عَنْهُ الْإِمَامُ الذَّهَبِيُّ(۱) وَ أَوْرَدَهُ النَّوَّابُ صِدِّيْق حَسَنْ خَانُ الْقَنُّوْجِيُّ فِي الْإِذَاعَةِ وَقَالَ صَحِيْحٌ(۲)

قَدْتَمَّ التَّعْلِيْقُ وَالتَّحْقِيْقُ وَالْاِسْتِدْرَاكُ بِعَوْنِ اللّٰهِ عَزَّاسْمُهُ عَلٰى يَدِالْعَاجِزِ حَبِيْبِ الرَّحْمٰنِ الْقَاسِمِيِّ فِي ۱۲، رَبِيْعِ الثَّانِيْ ۱۴۱۴ھ وَ لِلّٰهِ الْحَمْدُ أَوَّلًا وَآخِرًا وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ.

موقعوں پر اس اصطلاح کا استعمال اہم سمجھا جاتا تھا تاکہ لاعلمی میں اپنے آدمی کے ہاتھوں اپنا ہی آدمی نہ مار دیا جائے۔ ویسے امت امت کا معنی یہ ہے کہ اے اللہ دشمنوں کو موت دے یا اے مسلمانو! دشمنوں کو مارو) مسلمانوں کا یہ لشکر سات جھنڈوں پر مشتمل لشکر سے مدِّمقابل ہوگا جس میں ہر جھنڈے کے تحت لڑنے والا سربراہ ملک وسلطنت کا طالب ہوگا۔ (یعنی یہ لوگ ملک وسلطنت حاصل کرنے کی غرض سے مسلمانوں سے جنگ کریں گے) اللہ تعالیٰ ان سب کو (مسلمانوں کے لشکر کے ہاتھوں) ہلاک کر دے گا (نیز) اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی جانب ان کی باہمی یگانگت والفت، نعمت و آسودگی لوٹا دے گا اور ان کے قریب و دور کو جمع کر دے گا۔

(مجمع الزوائد ج ۷ ص ۳۱۷ المستدرک ج ۴ ص ۵۵۴)

۹ : ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مہدی کا ذکر کرتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا مہدی حق ہے۔ (یعنی ان کا ظہور برحق اور ثابت ہے) اور وہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد سے ہوگا۔ (المستدرک ج ۴ ص ۵۵۷)

(۱) المستدرک ج٤ ص ٥٥٧.

(۲) الاذاعة لما كان ويكون بين يدي الساعة ص ٦٠ مطبوعة الصديقي بريس ١٢٩٤هـ.

ماہنامہ لولاک ملتان

☆ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان ماہنامہ لولاک جو دفتر مرکزیہ ملتان سے ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے۔

☆ عقیدہ ختم نبوت کی ترجمانی ☆ حالات حاضرہ کا جاندار تجزیہ ☆ قادیانی شبہات کے جوابات ☆ عالمی مجلس کی سرگرمیاں ☆ فتنہ قادیانیت کے رد میں عمدہ علمی مضامین ☆ اصلاحی مقالہ جات ☆ امت مسلمہ کی رہنمائی ☆ مجاہدین ختم نبوت کے تذکرے ☆ قادیانیت چھوڑنے والے نومسلموں کے ایمان پرور حالات و واقعات ☆ اکابر کے غیر مطبوعہ خطوط و یادگار تقاریر ☆ جہاد آفریں حقائق افروز معلومات کا حسین گلدستہ ☆ ۴۸ صفحات ☆ رنگین آرٹ پیپر کا ٹائیٹل ☆ کمپیوٹر کتابت ☆ عمدہ طباعت ☆ سفید کاغذ

ان تمام تر خوبیوں کے باوجود سالانہ چندہ صرف روپیہ 100 ہے۔ ایجنسی 5 پرچوں سے کم کی جاری نہیں ہوتی۔ ایجنسی ہولڈر حضرات کو 33 کمیشن دیا جاتا ہے۔ پرچہ وی پی نہیں کیا جاتا۔ پیشگی 100 روپیہ سالانہ خریداری کا منی آرڈر کرکے ہر ماہ گھر بیٹھے ڈاک سے پرچہ منگوایا جاسکتا ہے۔

رقوم بھیجنے کے لئے پتہ :

ناظم ماہنامہ لولاک دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

فون نمبر 514122 :

(نوٹ) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ہفت روزہ ترجمان ہفت روزہ ختم نبوت کراچی سے شائع ہوتا ہے۔ جو اس وقت پاکستان کے دینی جرائد و رسائل کا بہترین نمونہ ہے۔ اس کا زر سالانہ اڑھائی صد روپے 250 ہے۔ زر سالانہ کی ترسیل و جملہ خط و کتابت کے لئے: سرکولیشن منیجر ہفت روزہ ختم نبوت سے رجوع کریں۔

مسجد باب الرحمت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی : فون نمبر 7780337